ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | جمعرات 18 جمادی الثانی 1447ھ 11 دسمبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 157
رجسٹرڈ BC-m-13 | قیمت 35 روپے | PTCL 081-2827345 081-2827344 | Email. mashriqqta2008@gmail.com

پنک بس سروس کا آغاز، ترقی، امن اور روشن مستقبل بلوچستان کا مقدر ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ میں پہلی پنک بس سروس کا آغاز چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کے اس وژن کی عملی تعبیر ہے جس کا اظہار انہوں نے میرے وزیر اعلیٰ کا حلف اٹھانے کے روز کیا تھا

حکومت صوبے کے عوام کو جدید اور معیاری ٹرانسپورٹ کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے اسی مقصد کے تحت گرین بس سروس کا دائرہ پشین، مستونگ اور تربت تک بڑھایا جارہا ہے

یہ تمام اقدامات ان عناصر کے لیے واضح پیغام ہیں جو بلوچ خواتین کو تعلیم و ترقی کے بجائے خودکش جیکٹ پہنا رہے ہیں اور انہیں گمراہ کر کے منفی سوچ اور لاحاصل جنگ کی طرف دھکیل رہے ہیں

حکومت بلوچستان اپنی بچیوں کے لیے دنیا کی بہترین جامعات کے دروازے کھول رہی ہے، پنک بس سروس کے آغاز اور گرین بس سروس کے توسیع منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں پہلی پنک بس سروس کا آغاز چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کے اس وژن کی عملی تعبیر ہے جس کا اظہار انہوں نے میرے وزیر اعلیٰ کا حلف اٹھانے کے روز کیا تھا یہ ہمارے لیے باعث فخر ہے کہ پنک اسکوٹیز کے بعد آج پنک بس سروس کا آغاز ہو رہا ہے جو صوبے میں خواتین کے لیے باوقار، محفوظ اور معیاری سفری سہولیات فراہم کرنے کی جانب ایک انقلابی قدم ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو یہاں پنک بس سروس کے آغاز اور گرین بس سروس کے توسیع منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی، صحافیوں، سول سوسائٹی، خواتین سمیت پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں سمیت متعلقہ حکام نے بھی شرکت کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے کے عوام کو جدید اور معیاری ٹرانسپورٹ کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے اسی مقصد کے تحت گرین بس سروس کا دائرہ پشین، مستونگ اور تربت تک بڑھایا جارہا ہے جبکہ کوئٹہ تا سریاب پیپلز ٹرین منصوبے پر بھی بھرپور پیش رفت جاری ہے جو شہریوں......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوہاٹ میں تیل و گیس کے نئے ذخائر دریافت

یومیہ 2 ہزار 280 بیرل تیل اور 56 لاکھ مکعب فٹ گیس کی پیداوار ہوگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل) نے خیبر پختونخوا میں ٹیشیا بلاک کوہاٹ میں تیل اور گیس کے ذخائر دریافت کر لئے۔ ترجمان او جی ڈی سی ایل کے مطابق برگزئی ایکس ون کنویں سے یومیہ 2 ہزار 280 بیرل تیل اور یومیہ 56 لاکھ مکعب فٹ گیس کی پیداوار ہوگی۔ ترجمان کے مطابق خیبر پختونخوا میں......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر قومی علماء کانفرنس میں شریک ہیں

امریکہ ریکوڈک پراجیکٹ میں 1.25 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کریگا

مالی معاونت کا مقصد بلوچستان میں موجود ریکوڈک منصوبے میں اہم معدنیات کی کان کنی کے عمل کو مزید آگے بڑھانا ہے

آئندہ برسوں میں 2 ارب ڈالر کے کان کنی کے جدید آلات اور خدمات بھی فراہم کی جائینگی، امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد میں قائم امریکی سفارت خانے کے مطابق امریکہ کے ایکسپورٹ امپورٹ بینک نے پاکستان کے لیے ایک ارب 25 کروڑ ڈالر کی نئی مالی معاونت کی منظوری دے دی ہے۔ اس معاونت کا مقصد بلوچستان میں موجود ریکوڈک منصوبے میں اہم معدنیات کی کان کنی کے عمل کو آگے بڑھانا ہے۔ امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر نے ایک ویڈیو بیان میں بتایا......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی، سلمان اکرم راجہ و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

تحریک تحفظ آئین کا 20 اور 21 دسمبر کو اسلام آباد میں قومی کانفرنس بلانے کا اعلان

کے پی میں کسی بھی غیر آئینی اقدام پر مزاحمت کی جائے گی، حکومت اسلام آباد ہائی کورٹ کے احکامات پر عمل کرے

اڈیالہ جیل روڈ پر عمران خان کی بہنوں پر تشدد کی شدید مذمت کرتے ہیں، ملاقاتیں فوری بحال کی جائیں، محمود اچکزئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک تحفظ آئین پاکستان نے 20 اور 21 دسمبر کو اسلام آباد میں قومی مشاورتی کانفرنس منعقد کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں کسی بھی غیر آئینی اقدام کی ہر سطح پر مزاحمت کی جائے گی، حکومت مذاکرات سے پہلے اسلام آباد ہائی کورٹ کے احکامات پر عمل کرے، بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنوں پر تشدد کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ جاری اعلامیہ کے......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی گرین بس سروس توسیع منصوبے اور پنک بس کی افتتاحی تقریب کے موقع پر بس میں سفر کر رہے ہیں

جادو ٹونے سے نہیں ملک محنت سے ترقی کریگا، اسلامی ریاست میں ریاست کے علاوہ کوئی جہاد کا حکم نہیں دے سکتا، قومی علماء مشائخ کانفرنس سے خطاب

ملک سے فرقہ واریت کا خاتمہ چاہتے ہیں، دشمن کو چھپ کے نہیں للکار کر مارتے ہیں، وزیراعظم، فیلڈ مارشل

ملکی ترقی اور استحکام کیلئے اتحاد و یکجہتی اور دہشت گردی کا خاتمہ ناگزیر ہے، افواج پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا ناقابل برداشت، افواج کی قربانیوں کا مذاق اڑائیں گے تو کون پاکستان کی عزت کرے گا

اللہ تعالیٰ کے بے پایاں فضل و کرم اور علماء کرام و قوم کی دعاؤں کی بدولت معرکہ حق میں پاکستان کو بڑی کامیابی ملی، مسلح افواج کی جرات اور بہادری سے دشمن کو عبرتناک شکست ہوئی، منہ توڑ جواب دیا گیا

اب بھی بعض مکاتب فکر کے لوگ کہتے ہیں کہ اس مسجد میں اس کے پیچھے نماز نہیں پڑھ سکتے، علماء کرام کو تفرقہ بازی کا خاتمہ کرنا ہوگا، ملکی ترقی اور استحکام کیلئے اتحاد و یکجہتی ناگزیر ہے، وزیراعظم شہباز شریف

دہشت گردی پاکستان کا نہیں بھارت کا وطیرہ ہے، جس قوم نے علم اور قلم کو چھوڑا، انتشار اور فساد نے وہاں جگہ لی، عزت اور طاقت تقسیم سے نہیں، محنت اور علم سے حاصل ہوتی ہے، چیف آف ڈیفنس فورسز

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ قوم میں یکجہتی کی فضا قائم ہونے تک ملک ترقی نہیں کر......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد (شاکر رحمان) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ دہشت گردی......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

آئی ایم ایف کی جانب سے پاکستان میں مہنگائی بڑھنے کا انتباہ جاری

سالانہ افراط زر 4.5 فیصد سے بڑھ کر 6.3 فیصد، جون 2026 تک یہ شرح ممکنہ طور پر 8.9 فیصد تک جا سکتی ہے

ترقی کی شرح 3.2 فیصد رہنے کی توقع، بیروزگاری میں کمی کا امکان، رپورٹ میں مالی خسارہ محدود ہونے کی پیشگوئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ نے پاکستان میں مستقبل قریب میں مہنگائی کے بڑھنے کا انتباہ جاری کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق موجودہ سالانہ افراط زر 4.5 فیصد سے بڑھ کر 6.3 فیصد تک پہنچ سکتا ہے، جبکہ جون 2026 تک یہ شرح ممکنہ طور......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر راج لگانے کی کسی میں جرات نہیں' صوبہ نہیں چل سکے گا، اسد قیصر

پیپلز پارٹی گورنر راج پر مؤقف واضح کرے، بتائیں کنڈی کا بیان پارٹی پالیسی ہے یا نہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ گورنر راج لگانے کی کسی میں جرات نہیں، گورنر راج سے صوبہ نہیں چل سکے گا۔ نجی ٹی وی......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

ایک جماعت سیاسی دجال کا کام کر رہی ہے، بلاول بھٹو زرداری

سیاسی پارٹی کو کے پی میں اپنا رویہ بہتر کرنا ہوگا، دہشتگردوں کے خلاف آپریشن میں خلل ڈالا تو مسائل بنیں گے

انکی کوشش ہے کہ عوام اور افواج کے درمیان دراڑ پیدا کریں، ہم ان کو کہنا چاہتے ہیں کہ اپنے کردار کو ٹھیک کریں

لاہور (م ڈ) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا کہنا ہے کہ ایک سیاسی جماعت سیاسی دجال کا کام کر رہی ہے، اس کی کوشش ہے عوام اور افواج کے درمیان دراڑ پیدا کرے۔ لاہور کے علاقے باغبانپورہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پیپلز......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

سرحدوں کے محافظوں کیلئے مخالفین کی زبان استعمال کی گئی، سپیکر قومی اسمبلی

وزیراعظم اور میں بارہا کہہ چکے ہیں کہ مذاکرات کیلئے دروازے کھلے ہیں، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ سرحدوں کے محافظوں کیلئے مخالفین کی زبان استعمال کی گئی، وزیراعظم محمد شہباز شریف......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف (آج) ترکمانستان جائیں گے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف (آج) جمعرات کو دو روزہ دورے پر ترکمانستان جائیں گے جہاں وہ دارالحکومت اشک آباد میں ہونے والے بین الاقوامی فورم امن اور اعتماد میں پاکستان کی نمائندگی......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل کا بلوچستان سول سروس اکیڈمی کے زیر تربیت آفیسران کیساتھ گروپ فوٹو

شاہ محمود قریشی اسپتال سے ڈسچارج، دوبارہ کوٹ لکھپت جیل منتقل

لاہور (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کو اسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا۔ وکیل رانا مدثر کے مطابق پی ٹی آئی وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کو اسپتال سے ڈسچارج کر کے دوبارہ......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستانی معیشت کی رپورٹ جاری کردی

جی ڈی پی گروتھ 2025 کیلئے 2.7 فیصد سے بڑھا کر 3.0 کر دی گئی

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) اے ڈی بی کی رپورٹ کے مطابق پاکستان کی جی ڈی پی گروتھ 2025 کیلئے 2.7 فیصد سے بڑھا کر 3.0 کر دی گئی۔ جبکہ گزشتہ......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کا عمران خان کو اڈیالہ سے منتقل کرنے پر غور شروع

پی ٹی آئی ملک کو عدم استحکام کا شکار کرنے کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہے، وفاق

وزیراعلیٰ کے پی کی کارکردگی مائنس، منشیات سمگلرز سے گٹھ جوڑ ہے، اختیار ولی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کو اڈیالہ جیل سے منتقل کرنے پر غور شروع کر دیا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت کا کہنا ہے کہ معاملات اس مقام پر پہنچ چکے ہیں جہاں سے واپسی ممکن نہیں، پی ٹی آئی ملک کو عدم استحکام کا شکار کرنے کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہے، احتجاج کے نام پر فتنہ فساد کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اس حوالے......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم کورٹ نے ڈی لسٹ مقدمات بارے پالیسی تشکیل دے دی

مقدمات اسی روز دستیاب بنچ کے سامنے سماعت کے لئے مقرر کیے جائیں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ آف پاکستان نے ڈی لسٹ ہوئے مقدمات بارے پالیسی تشکیل دے دی۔ عدالت عظمیٰ کی جانب سے اعلامیہ جاری......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

ایک مائنس ہوا تو کوئی باقی رہے گا نہ حالات کنٹرول میں آئینگے، بیرسٹر گوہر

70 فیصد عوام بانی کیساتھ ہیں، عوام کو طیش نہ دلائیں، عدالتی احکامات کے مطابق ملاقات ہونی چاہیے، چیئرمین پی ٹی آئی

ہم سسٹم کا حصہ اسلئے ہیں تاکہ ملک میں جمہوریت برقرار رہے، اس وقت تین کروڑ عوام کی نمائندگی کر رہے ہیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ اگر ایک مائنس ہوا تو اس کے بعد ایک بھی باقی نہیں رہے گا، حالات بھی آپ کے کنٹرول میں نہیں آئیں گے، 70 فیصد عوام بانی کیساتھ ہے، عوام کو طیش نہ دلائیں، عدالتی احکامات کے مطابق ملاقات ہونی چاہیے، اتفاق ہوا تھا کہ ملاقات میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوگی۔ بدھ کو پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ یہ کاروباری دنیا نہیں ہے کہ دو......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان و برطانیہ کے مابین ماحولیاتی تبدیلی کے شعبے میں تعاون کا معاہدہ

سیلابوں سے جو نقصان ہوا ہے وہ ہمارے جی ڈی پی کا بہت بڑا حصہ ہے، وفاقی وزیر

گرین کمپیکٹ معاہدہ ماحولیات کے لیے بہت اہمیت کا حامل ہے، مصدق ملک کی گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان اور برطانیہ کے مابین ماحولیاتی تبدیلی کے شعبے میں تعاون کے منصوبے پر معاہدہ طے پا گیا ہے۔ وفاقی وزیر مصدق ملک اور برطانیہ کی عزیز ڈویلپمنٹ نے تعاون کے معاہدے پر دستخط کیے۔ معاہدے کے دستخط کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر مصدق ملک نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے شعبے میں پاکستان......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

اڈیالہ جیل کے باہر پرامن آئینی احتجاج پر تشدد افسوسناک ہے، مولانا فضل الرحمن

جمہوری روایات کا مذاق اڑایا جا رہا ہے، پارلیمنٹرین اور اپوزیشن رہنماؤں پر تشدد آمریت کی علامت ہے، سربراہ جے یو آئی

پی ٹی آئی کی موجودہ قیادت میں یکسوئی نہیں ہے، ہم خیال دینی اور سیاسی جماعتوں کے ساتھ رابطے میں ہیں، مولانا غفور حیدری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ اڈیالہ جیل کے......... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب، آئی جی ایف سی نارتھ بلوچستان قبائلی عمائدین سے ملاقات کر رہے ہیں

آئی جی ایف سی کا ژوب بازار کا دورہ، شہریوں سے ملاقات

دکانداروں سے انکے مسائل سنے، عوام نے قیام امن کی کاوشوں کا سراہا

ژوب (بیورو رپورٹ) آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) نے ژوب بازار کا اچانک دورہ کیا، مقامی شہریوں اور دکانداروں سے غیر رسمی ملاقات کی انہوں......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

اڈیالہ واقعے پر قومی اسمبلی میں تحریک استحقاق جمع کرادی گئی

ایس ایچ او تھانہ اڈیالہ نے ارکان اسمبلی کے ساتھ توہین آمیز سلوک کیا، پی ٹی آئی

ارکان اسمبلی کی گاڑی کو نقصان پہنچنے کا بھی ذکر، ایس ایچ او کو جوابدہ بنانے کا مطالبہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کے ارکان قومی اسمبلی نے اڈیالہ کے باہر پیش آنے والے واقعے کے سلسلے میں قومی اسمبلی میں تحریک استحقاق جمع کرادی......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

جسٹس جہانگیری کیخلاف ڈگری کیس قابل سماعت قرار دینے کا تحریری حکم نامہ جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ہائی کورٹ نے ڈگری کے معاملے پر جسٹس طارق محمود جہانگیری کے خلاف درخواست......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

2 روزہ قومی کانفرنس، پی ٹی آئی کا پی پی سے رابطے کا فیصلہ

شرکت کی دعوت دی جائیگی، ذرائع، سیاسی ڈائیلاگ کا راستہ نکالنے پر غور

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اپوزیشن اتحاد کے ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف نے 2 روزہ قومی کانفرنس کے سلسلے میں پیپلز پارٹی سے رابطے کا فیصلہ......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

مختلف اضلاع کے سیشن ججز کے تبادلے، نوٹیفکیشن جاری

چیف جسٹس بلوچستان کی منظوری سے تبادلے فوری نافذ العمل ہونگے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ نے عدالتی افسران کے تبادلوں سے متعلق اہم نوٹیفکیشن جاری کر دیا، نوٹیفکیشن کے مطابق چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ کی......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کی ترقی نوجوانوں کے مثبت کردار سے منسلک ہے، کمانڈر 12 کور

صوبے کے نوجوان بے پناہ صلاحیتوں کے مالک، تعلیم، ہنر اور روشن مستقبل کیلئے ہر ممکن مواقع فراہم کر رہے ہیں

نوجوانوں کو قومی دھارے میں شامل کرنے کیلئے مختلف پروگرامز جاری ہیں، لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان

کوئٹہ (یو این اے) یونیورسٹی آف بلوچستان میں کمانڈر 12 کور بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے اساتذہ اور طلباء کے ساتھ خصوصی نشست کی۔ اس موقع پر بلوچستان کی مجموعی صورتحال، صوبے کی ترقی کے امکانات، امن و امان کی بہتری، نوجوانوں کے کردار اور مستقبل کے چیلنجز کے حوالے......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر



عدالت نے علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری جاری کردیئے

سابق وزیراعلیٰ متعدد بار طلبی کے باوجود عدالت میں پیش نہیں ہورہے، جوڈیشل مجسٹریٹ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس نے تحقیقی آزادی مارچ سے متعلق دو کیسز میں......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

گڈ گورننس یقینی بنانے کیلئے وسائل کی فراہمی ناگزیر ہے، گورنر

اچھے افسران ہمارا قومی اثاثہ ہیں، جن کا حکومت کی کامیابی اور صوبے کی خوشحالی و ترقی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ہے

افسران کے کیریئر میں پری سروس ٹریننگ اہم ہے، زیر تربیت افسران سے گفتگو، چیئرمین بی پی ایس سی سے ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ اچھے افسران ہمارا قومی اثاثہ ہیں اور وہ کسی بھی کامیاب حکومت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور گڈ گورننس، صوبے کی خوشحالی اور ترقی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ مستقبل کے سرکاری ملازمین کے طور پر، آپ پر بلوچستان......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

ڈاکٹر وردہ قتل کیس میں گرفتار ملزمان ریمانڈ پر پولیس کے حوالے

مرکزی ملزمہ ردا کے شوہر وحید بٹ اور دیگر گرفتار افراد کو عدالت میں پیش کیا گیا

ایبٹ آباد (م ڈ) ڈاکٹر وردہ مشتاق کے قتل کیس میں گرفتار ملزمان کو انسداد دہشت گردی عدالت نے منگل کو تین......... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

قومی اسمبلی کے اجلاس میں پی ٹی آئی اراکین عمران کی تصویریں اٹھا کر احتجاج کر رہے ہیں

اڈیالہ دھرنا، کریک ڈاؤن کے دوران متعدد خواتین زخمی، قانون کو اپنا راستہ اختیار کرنا پڑا، پولیس

سیاسی جماعت کے دھرنے میں توڑ پھوڑ کے باوجود پولیس نے تحمل کا مظاہرہ کیا، ارکان کی جانب سے پولیس پر پتھراؤ کیا گیا

اڈیالہ جیل کا علاقہ حساس ہے، قیدیوں سے رات کو عدالتی احکامات کے بغیر ملاقات کی اجازت نہیں، پولیس انتظامیہ کا موقف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف نے کہا ہے کہ اڈیالہ جیل کے باہر عمران خان کی بہنوں سے پولیس کے ناروا سلوک کی مذمت کرتے ہیں، حکومت سیاسی مخالفین کے خلاف طاقت کے بے رحمانہ استعمال پر اتر آئی ہے۔ تحریک انصاف نے کہا ہے کہ علیمہ خان، عظمیٰ خان اور نورین خان نیازی عدالت کے حکم پر پرامن طور پر موجود تھیں، رات کی تاریکی میں خواتین پر واٹر کینن اور دھکم پیل کے ذریعے حملہ کیا گیا، حکومت نے خواتین کی حرمت اور انسانی اقدار کو یکسر نظر انداز کر دیا، سرد رات میں واٹر کینن سے خواتین زخمی ہوئیں اور کئی کارکن زمین پر گر گئے۔ پی ٹی آئی نے کہا ہے کہ میڈیا کو پیچھے دھکیل کر سچ کو چھپانے کی کوشش کی گئی، پولیس کے ہاتھوں کارکنوں کی چوٹیں حکومتی سنگدلی......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں پھنسے افغان شہریوں کی منتقلی کیلئے جرمنی پر دباؤ

1800 سو افراد کی منتقلی کیلئے 250 سے زائد تنظیموں کا برلن حکومت کو خط

افغانستان میں پیچھے رہ جانے والوں میں زیادہ تعداد خواتین اور بچوں کی ہے

برلن (م ڈ) انسانی حقوق کی 250 سے زائد تنظیموں اور دیگر این جی اوز نے منگل کو جرمن حکومت پر ایک بار پھر زور دیا ہے کہ وہ ان سیکڑوں افغان شہریوں......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

مہنگے کپڑے، گاڑیوں اور گھروں کی نمائش کرنیوالے ریڈار پر ہیں، چیئرمین ایف بی آر

اب بغیر ٹیکس والی چینی کا اسٹاک رکھنے والے افراد کے خلاف بھی سخت ترین کارروائی ہوگی

ایک سال میں شوگر انڈسٹری سے جمع سیلز ٹیکس میں 40 ارب روپے کا اضافہ ہوا، راشد محمود لنگڑیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے چیئرمین راشد محمود لنگڑیال نے خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگے کپڑے، گھر، گاڑیوں اور گھروں کی نمائش کرنے والے ریڈار پر ہیں اور سوشل میڈیا پر گوشوارہ کم ظاہر کرنے والے 30 افراد کو نوٹس......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

سندھی کلچر ڈے کے نام پر ریاست کے اندر ریاست قائم کی گئی، فاروق ستار

سرکاری اور نجی املاک کو نقصان پہنچایا گیا، ملک دشمنی کا اظہار کیا گیا، ایم کیو ایم رہنما

کراچی (م ڈ) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کے رہنما فاروق ستار نے کہا ہے کہ سندھی کلچر ڈے کے نام پر کراچی کی شاہراہوں اور مختلف مقامات پر......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

2027 میں صدی کا طویل ترین سورج گرہن ہوگا، ناسا کی تصدیق

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) امریکی خلائی ادارے ناسا نے تصدیق کی ہے کہ اگست 2027 میں صدی میں ایک بار ہونے والا نایاب اور طویل ترین سورج گرہن ہوگا......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کیساتھ تجارت کی بندش، افغان تاجروں کو مشکلات

امپورٹرز کو چاہ بہار سے زیادہ وقت اور لاگت کا سامنا ہے، افغان میڈیا

کابل (م ڈ) پاکستان کی جانب سے گزشتہ دو ماہ سے تجارت معطل ہونے کے باعث افغان تاجروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ افغان میڈیا......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

قائم مقام اسپیکر کے رویے پر انتہائی مایوسی ہوئی، آصفہ بھٹو

میرا توجہ دلاؤ نوٹس روکنے کیلئے قومی اسمبلی اجلاس مؤخر کرنے کی ہدایات دی گئیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما اور رکن قومی اسمبلی آصفہ بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ میرا توجہ......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور، پتنگ بازی کی اجازت کے خلاف درخواست مسترد

دنیا میں کائٹ فلائنگ ہوتی ہے، سیفٹی بہت ضروری ہے، جسٹس ملک

عدالت نے سرکاری وکیل کو ہدایت لے کر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کردی

لاہور (م ڈ) لاہور ہائی کورٹ نے پتنگ بازی سے متعلق کائٹ فلائنگ آرڈیننس پر عمل درآمد روکنے کی استدعا مسترد کردی۔ لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس ملک اویس خالد نے شہری منیر احمد کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کی جانب سے اظہر صدیق ایڈووکیٹ نے دلائل دیئے۔ دوران سماعت پنجاب حکومت کی جانب سے اسسٹنٹ......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

وندے ماترم کے الفاظ شرکیہ ہیں، صدر جمعیت علمائے ہند

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے ہند (الف) کے صدر اور دارالعلوم دیوبند کے صدر المدرسین مولانا ارشد مدنی نے کہا کہ ہمیں کسی کے وندے ماترم گانے اور پڑھنے پر اعتراض نہیں مگر مسلمان صرف......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

فلسطینی بہن بھائیوں کیلئے 100 ٹن امدادی سامان کی کھیپ روانہ

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی خصوصی ہدایت پر فلسطینی بہن بھائیوں کیلئے 100 ٹن امدادی سامان کی کھیپ خصوصی پرواز کے ذریعے علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے بھیج دی گئی۔ امدادی......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

طالبان حکومت اپنی سرزمین کسی ملک کیخلاف استعمال نہ ہونے دے، افغان علماء

افغان عمائدین اور علماء کے بیان سے پاکستان کے دیرینہ مطالبے کی توثیق ہوگئی

کابل (م ڈ) پاکستان کے دیرینہ مطالبے کی توثیق، افغان علماء کا افغان حکومت پر اپنی سرزمین کسی ملک کیخلاف استعمال نہ کرنے افغانستان سے پاکستان میں جاری دراندازی روکنے کے سلسلے میں مثبت پیشرفت سامنے آئی افغانستان کے علماء اور مذہبی رہنماؤں کا......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کا لوگوں کو انگاروں پر چلانے کے واقعہ کا نوٹس، 6 ملزمان گرفتار

موسیٰ خیل میں جرگے نے 20 ہزار چوری کے الزام پر 6 افراد کو بطور سزا دہکتے انگاروں پر چلانے کا فیصلہ دیا، رزاق خان

6 ملزمان گرفتار، مزید 2 کو جلد گرفتار کیا جائیگا، رسم و رواج کے نام پر انسانی جانوں سے کھیلنے کی کسی کو اجازت نہیں، ڈی سی

کوئٹہ (آن لائن) موسیٰ خیل میں چوری کے شبے میں مقامی افراد کو دہکتے انگاروں پر چلانے کے المناک اور انسانیت سوز واقعہ پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری اور انکے خلاف قانونی کارروائی......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کی ہڑتال کے باعث ٹرک کھڑے ہیں

تعلیم یافتہ نوجوانوں کو باعزت روزگار فراہم کیا جائے، یوتھ کا مطالبہ

فارغ التحصیل طلباء و طالبات کی تعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے اسامیاں پیدا کی جائیں

لین دین کے بغیر نوکری نہیں ملتی منصور اچکزئی، عتیق الرحمٰن عشیزئی، زبیر اچکزئی کی مشرق سروے ٹیم سے بات چیت

... بنیادوں پر عمل میں لائی جاتی ہے، تعلیم یافتہ نوجوانوں کو کسی بھی ادارے میں سفارش یا لین دین کے بغیر نوکری نہیں ملتی ہے اس عمل نے صوبے کے گریجویٹ و دیگر طلباء میں مایوسی پھیلا دی ہے، وہ دن دور نہیں کہ تعلیم یافتہ نوجوان ... عشیزئی، زبیر اچکزئی، صفوان اچکزئی و دیگر نے بتایا ہے کہ والدین مہنگائی کے اس مشکل دور میں مالی مشکلات کے باوجود بچوں کو تعلیم دلا رہے ہیں لیکن جب ڈگری ہاتھ میں آتی ہے تو ہر محکمے میں درخواستیں جمع کراتے ہیں انہیں روزگار نہیں ... میں ملوث ہو جاتے ہیں، حکومت بلوچستان نوجوانوں میں پائی جانے والی بے چینی کو دور کرنے کیلئے تمام بے روزگار نوجوانوں کو باعزت روزگار دے کر ملک اور صوبے کی ترقی و خوشحالی میں اپنا کردار ادا کا موقع دے۔

کوئٹہ نیشنل پارٹی کے ضلعی جنرل سیکرٹری ریاض احمد زہری کی رہائش گاہ پر نیشنل پارٹی کے صوبائی سیکرٹری برائے انسانی حقوق ایڈیل نوری ودیگر انتخابی مہم کے سلسلے میں بات چیت کر رہے ہیں

ادبی شخصیات کا بچھڑنا ادبی حلقوں کا بڑا نقصان ہے، ڈاکٹر سید ابوالحسن میری

... اور فارسی کے نامور شاعر مرحوم علی بابا تاج کے حوالے سے خانہ فرہنگ اسلامی جمہوریہ ایران کے آڈیٹوریم میں ایک تعزیتی ریفرنس منعقد ہوئی جس کی صدارت پشتو اکیڈمی کے جنرل سیکرٹری جناب نجیب اللہ احساس، مہمان خصوصی فدا حسین، جبکہ اعزازی مہمان خانہ فرہنگ ایران کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر سید ابوالحسن میری تھے۔ دیگر شرکاء میں پروفیسر یوسف رودینی، اعزازی ناظم پروگرام ڈاکٹر عبدالقیوم بیدار، پروفیسر اکبر ساسولی، عجب خان سائل، پشتو کے ادیب شاعر جناب فیض انگار، نوجوان شاعر جہانگیر کاوش، اردو، براہوئی اور پشتو کے نامور شاعر عجب خان سائل اور دیگر شامل تھے۔ شرکاء نے ... دونوں شخصیات کا بچھڑنا اردو براہوئی اور فارسی ادب کے لیے بہت بڑا نقصان ہے جسے کوئی پر نہیں کرسکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسحاق سوز نے طویل عرصے علالت کے باوجود براہوئی اور فارسی زبان کی خدمت جاری رکھی۔ اپنے فارسی کے مجموعہ کلام کی تقریب رونمائی میں علیل ہونے کے باعث تشریف نہ لاسکے مگر انہوں نے اپنے ویڈیو پیغام میں خانہ فرہنگ ایران کے منتظمین کا شکریہ ادا کیا۔ اسی طرح جناب علی بابا تاج بھی کبھار یہاں آتے اور میں ایک دفعہ اُن کے کالج کا دورہ کیا۔ وہ بڑی محبت اور چاہت سے ملے۔ اُن کی بے وقت رحلت کی وجہ سے فارسی اور اردو ادب کو نقصان ہوا ہے۔

بلوچستان پولیس میں تقرر و تبادلے

صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک رہے گا، موسمیاتی مرکز

کوئٹہ (آن لائن) علاقائی موسمیاتی مرکز بلوچستان کے مطابق بدھ کے روز صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک رہے گا، جبکہ بعض مقامات پر وقفے وقفے سے بارش کا امکان ہے۔ کوئٹہ، ژوب، خاران، قلعہ عبداللہ، پشین، خضدار، مستونگ، قلات، چاغی اور قلعہ سیف اللہ میں موسم انتہائی سرد رہے گا۔ جمعرات کے روز صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک رہے گا جبکہ کوئٹہ، ژوب، قلعہ عبداللہ، پشین، خضدار، خاران، مستونگ، قلات، سوراب، ہرنائی، لورالائی، چاغی اور قلعہ سیف اللہ میں موسم جزوی سے زیادہ ابرآلود ہوسکتا ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک رہا جبکہ شمالی و شمال مغربی اضلاع میں رات کے وقت شدید سردی ریکارڈ کی گئی۔

صوبائی محتسب کی ہدایت پر درویش آباد تمبو میں اساتذہ کی کمی پر کارروائی مکمل

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی محتسب بلوچستان علی احمد لہڑی کی ہدایت پر ضلع کوہلو کے گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول کلی نہم خان درویش آباد تمبو میں اساتذہ کی کمی سے متعلق شکایت پر کارروائی مکمل کر دی گئی ہے۔ سائل سہراب خان کی شکایت پر فوری طور پر ضلعی تعلیم افسر کوہلو سے رپورٹ طلب کی گئی اور بعد ازاں اسکول کا موقع پر معائنہ کرایا گیا۔ معائنہ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ایک معلمہ ڈیوٹی پر موجود ہے جبکہ خالی آسامی کو باقاعدہ مشتہر کیا جاچکا ہے۔ ترجمان صوبائی محتسب نے مزید بتایا کہ خالی اسامی پر تعیناتی کا عمل مکمل ہو چکا ہے، جس کے نتیجے میں اسکول کی تدریسی سرگرمیاں بحال ہوگئی ہیں۔ اس بنا پر شکایت کو حل شدہ قرار دیتے ہوئے نمٹا دیا گیا ہے۔

ڈاکٹر مصطفیٰ کمال کا انتقال ناقابل تلافی نقصان ہے، پی ایم اے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان میڈیکل ایسوی ایشن کوئٹہ کے صدر ڈاکٹر نادر خان اچکزئی، جنرل سیکریٹری ڈاکٹر شعیب بلوچ، پریس سیکریٹری ڈاکٹر منیر جمال نیچی اور دیگر عہدیداروں نے ڈاکٹر مصطفیٰ کمال کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم ایک باصلاحیت، ملنسار، ذمہ دار اور اپنے شعبے کے انتہائی مخلص معالج تھے جنہوں نے اپنی زندگی دکھی انسانیت کی خدمت کے لیے وقف کر رکھی تھی۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم کی وفات نہ صرف خاندان بلکہ بلوچستان کی ڈاکٹرز اور طبی برادری کے لیے ایک بڑا سانحہ ہے۔ پاکستان میڈیکل ایسوی ایشن کوئٹہ مرحوم کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتی ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا کرے۔

پولنگ اسٹیشنز میں سہولیات کی فوری فراہمی یقینی بنائی جائے، ڈی سی کوئٹہ

اجلاس میں بلدیاتی انتخابات کے انتظامات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی

ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات انسداد دہشتگردی ترمیمی ایکٹ 2025 کے مجوزہ ڈرافٹ رولز کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

براہوئی زبان کی ترویج کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا، رائٹرز فورم

اجلاس میں کمیٹی کی مدت مکمل ہونے پر نئی کابینہ یا الیکشن کے معاملہ پر غور کیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان رائٹرز فورم کی ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس جمعہ 5 دسمبر کو صبح 11 بجے منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت چیف ایگزیکٹو نے کی جبکہ یہ اجلاس خواجہ رازق نسیم کی رہائشگاہ میں ہوا، جس میں کمیٹی کے تمام اراکین نے شرکت کی۔ شریک اراکین میں ڈپٹی آرگنائزر خواجہ آغا غریب شاہ انجم، خواجہ صابر ندیم، خواجہ یونس بلوچ، ساگر عزیز، خواجہ حیدر علی عاطش، خواجہ عبداللہ جوہر، خواجہ ہدایت فدا اور خواجہ عمر گل شامل تھے۔ اجلاس میں درج ذیل ایجنڈا پر گفتگو کی گئی۔ اجلاس میں کمیٹی کی مدت مکمل ہونے پر نئی کابینہ یا الیکشن کا معاملہ پر غور کیا گیا اراکین نے باہمی مشاورت سے تجویز دی کہ کمیٹی کی موجودہ مدت میں توسیع کی جائے اور ضرورت پڑنے پر آئندہ سال مارچ تک اسے برقرار رکھا جائے۔ اس کے علاوہ ڈپٹی آرگنائزروں کی تعداد میں اضافے کی تجویز بھی سامنے آئی اور ڈپٹی آرگنائزر خواجہ آغا غریب شاہ انجم کے ساتھ معاونت کے لیے مزید افراد شامل کرنے پر غور کیا گیا۔ مزید برآں ادارہ ثقافت میں ادبی سرگرمیوں کے انعقاد، ادبی مجالس، سیمینار اور مشاعرے منعقد کرنے کے حوالے سے آغا غریب شاہ انجم کو ذمہ داری دی گئی۔ مزید یہ بھی طے پایا کہ نوجوان لکھاریوں کی نمائندگی بڑھانے کے لیے ہر ہفتے ایک نوجوان کو شامل کیا جائے گا جبکہ یونس بلوچ نے بھی اس سلسلے میں اہم سفارشات پیش کیں۔ اور فورم کے مصنفین کے انتخاب پر گفتگو کی اور فورم کی ادبی سرگرمیوں کے لیے مصنفین کے ناموں کی فہرست کی تیاری پر بات چیت ہوئی۔ اجلاس میں فورم کی رجسٹریشن سے متعلق پیش رفت پر اطمینان ظاہر کیا گیا اور اسے جلد مکمل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس کے علاوہ شون ادبی دیوان کے دوستوں پروفیسر ڈاکٹر منظور بلوچ اور چیئرمین خواجہ حامد گل و سیکرٹری جنرل نظام نذیری سے خصوصی ملاقات کی گئی جس میں براہوئی ادب اور زبان کو درپیش چیلنجز پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ اجلاس کے اختتام پر شرکا نے اس بات پر اتفاق کیا کہ براہوئی زبان کی ترویج، تحقیق اور تخلیقی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے فورم بھرپور کردار ادا کرتا رہے گا۔

کوئٹہ، مشیر محنت لیبر اینڈ مین پاور سردار بابا غلام رسول عمرانی الیکشن جاوید شاہ سے انکے سسر کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ہزارگی اور ترک زبانوں کے عالمی دن کے موقع پر علمی سیشن کا انعقاد ہوگا

دن کو منانا ترک زبانوں کی لسانی شناخت کے اظہار کے ساتھ ثقافتی بقا کے لئے اہم ہے

کوئٹہ (آن لائن) 15 دسمبر ہزارگی سمیت ترک زبانوں کا عالمی دن ہے۔ جو دنیا بھر میں ترک النسل اقوام کے عظیم لسانی ورثے کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے۔ اس دن کو منانا ترک زبانوں کی لسانی شناخت کے اظہار کے ساتھ ساتھ ثقافتی بقا کے لئے بھی اہم ہے۔ اس سلسلہ میں ہزارگی زبان کے واحد نمائندہ ادارے کیلاغ آزرگی رجسٹرڈ کوئٹہ نے اس عالمی دن کی مناسبت سے ایک علمی سیشن کا انعقاد کیا ہے۔ جس کا مقصد نوجوانوں میں اپنی زبان و ثقافت کے بارے میں شعور بیدار کرنا ہے۔ ہزارگی زبان کی ترک النسل بنیادوں کو علمی انداز میں اجاگر کرنا اور ہزارگی کی دیگر ترک زبانوں کے ساتھ تاریخی و ثقافتی ہم آہنگی پیدا کرنا ہے۔

اکادمی اور فارسی اکادمی کی تعزیتی تقریب کے شرکاء ڈاکٹر سید ابوالحسن میری کے ہمراہ گروپ فوٹو

حیات اللہ خان کاکڑ کی فوکل پرسن سید اقبال شاہ سے ملاقات

بلدیاتی انتخابات، عوامی مسائل کے حل سے متعلق تفصیلاً گفتگو کی گئی۔

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی کونسل کے رکن حیات اللہ خان کاکڑ نے وزیراعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن سید اقبال شاہ سے اُن کے دفتر میں ایک اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے کی موجودہ سیاسی صورتحال، کوئٹہ میں ہونے والے آئندہ بلدیاتی انتخابات اور عوامی مسائل کے حل سے متعلق مختلف امور پر تفصیل سے گفتگو کی گئی۔ حیات اللہ خان کاکڑ نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلدیاتی انتخابات عوام کے بنیادی حقوق کی فراہمی، مقامی سطح پر ترقیاتی کاموں کی تیز رفتار تکمیل اور جمہوریت کے استحکام کے لیے نہایت ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ عوامی خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے اور چاہتی ہے کہ منتخب نمائندوں کو بااختیار بنایا جائے تاکہ وہ براہ راست عوام کے مسائل حل کرسکیں۔ ملاقات کے دوران کوئٹہ شہر میں بلدیاتی نظام کی بہتری، ترقیاتی منصوبوں کی شفافیت اور عوامی سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر حکمت عملی بنانے پر بھی تبادلہ ? خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ بلوچستان کے شہری حلقوں میں حکومت اور عوامی نمائندوں کے درمیان تعاون بڑھا کر مثبت نتائج حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

نظام مصطفیٰ سے انحراف کی وجہ سے ملک و قوم گرداب میں ہے، عبدالقدوس

امن و امان اور معیشت کی بدترین صورتحال کی وجہ سے غریب عوام نان شبینہ کے محتاج ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جے یو پی کے مرکزی رہنما و سابق صوبائی صدر عبدالقدوس ساسولی نے کہا ہے کہ نظام مصطفیٰ سے انحراف کی وجہ سے ملک و قوم گرداب میں ہے امن و امان اور معیشت کی بدترین صورتحال کی وجہ سے غریب عوام نان شبینہ کے محتاج ہیں۔ یہ بات انہوں نے جے یو پی نورانی بلوچستان کے صوبائی انتخابات کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی اجلاس میں مرکزی رہنما صاحبزادہ مفتی محمد جان قاسمی قادری، قاری نور محمد حسینی اجلاس میں مولانا محمد یونس لہڑی، مولانا محمد عیسیٰ پندرانی، سید حاکم شاہ جیلانی، محمد شاکر قادری، میر شاہ کریم مینگل، مولانا دیدار علی قادری، مولانا ابوبکر قادری سمیت صوبائی شوریٰ کے اراکین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں تنظیمی دستور کے مطابق آئندہ مدت کیلئے جے یو پی کے صوبائی انتخابات منعقد ہوئے جس کے مطابق کثرت رائے سے سید مومن شاہ جیلانی صوبائی صدر، مولانا سراج احمد نورانی سینئر نائب صدر اور مولانا رستم نورانی صوبائی جنرل سیکرٹری منتخب ہوئے دستور کے مطابق باقی عہدیداروں کا انتخاب باہمی مشاورت سے کیا جائے گا۔ میر عبدالقدوس ساسولی نے نو منتخب عہدیداران سے انکے عہدوں کا حلف لیا۔ مفتی محمد جان قاسمی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نو منتخب عہدیداروں پر لازم ہے کہ وہ دن رات ایک کرکے نظام مصطفیٰ کے پیغام کو گھر گھر پہنچائیں۔ انہوں نے کہا کہ بقا سلامتی نظام مصطفیٰ سے وابستہ ہے۔

انجمن فلاح و بہبود اخبار فروشاں کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) انجمن فلاح و بہبود اخبار فروشاں کا اجلاس آج (جمعرات) کو شام چار بجے اخبار مارکیٹ عدالت روڈ کوئٹہ میں منعقد ہوگا اجلاس کی صدارت حاجی غازی خان کریں گے انجمن فلاح و بہبود اخبار فروشاں بلوچستان کے جنرل سیکرٹری امیر احمد راسکوہ وال نے کابینہ کے تمام اراکین کو بروقت اجلاس میں شرکت کی تاکید کی ہے۔ اجلاس میں اخبار فروشوں کے اہم مسائل پر غور و خوض اور اہم فیصلے کئے جائیں گے۔

ٹرانسمیشن لائنوں پر مرمتی کام کیلئے مستونگ گرڈ اسٹیشن سے بجلی بند رہے گی، کیسکو

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر ضروری نوعیت کے مرمتی کام کئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں 11 دسمبر کو (بروز جمعرات) مستونگ گرڈ اسٹیشن کے 11kv سٹی ون، سٹی ٹو، کیڈٹ کالج، سٹی تھری اور نواب غوث بخش رئیسانی اسپتال فیڈرز سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے جبکہ تھو شوری گرڈ اسٹیشن سے صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہیگی۔ اسی طرح اوستہ محمد۔ جھل مگسی ٹرانسمیشن لائن پر 28 دسمبر تک (روزانہ) صبح 7 بجے سے شام 7 بجے تک کام کیا جائے گا جس کے باعث اس دورانیہ میں متبادل انتظام کے ذریعے متاثرہ سرکٹ کو بجلی فراہم کی جائیگی۔ اسکے علاوہ 12 دسمبر کو (بروز جمعہ) 132KV شاہرگ گرڈ اسٹیشن سے صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے متعلقہ صارفین سے بجلی بندش پر زحمت کیلئے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

کوئٹہ، منیر احمد بادینی پی پی ایچ آئی بلوچستان کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 57 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی پی ایچ آئی بورڈ آف ڈائریکٹر کے اجلاس میں سفارشات کی منظوری دی گی

منیر احمد بادینی کی صدارت میں پرائمری ہیلتھ کیئر سروسز میں بہتری کے عزم کا اعادہ کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) پی پی ایچ آئی بلوچستان کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا 57 واں جنرل اجلاس ادارے کے ہیڈ آفس کوئٹہ میں چیئرمین منیر احمد بادینی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں فنانس اور ایچ آر کمیٹیوں کی سفارشات کی متفقہ منظوری دی گئی، جس سے ادارہ جاتی مضبوطی اور صوبے میں پرائمری ہیلتھ کیئر سروسز میں بہتری کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین منیر احمد بادینی نے چیف ایگزیکٹو آفیسر پی پی ایچ آئی بلوچستان ڈاکٹر ایم پی راجا دھاریجو اور بورڈ ممبران کے ہمراہ نئے متعارف کردہ (ای فائلنگ) سسٹم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے بنیادی صحت کی سہولیات کو جدید بنیادوں پر استوار کرنے کے کردار کو اجاگر کرتے ہوئے پی پی ایچ آئی بلوچستان کی پیش رفت کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں کارکردگی کو مؤثر بنانے شفافیت اور بروقت جواب دہی کے رجحان کو پروان چڑھانے کے لئے ڈیجیٹل تبدیلی ناگزیر ہو چکی ہے۔ ای فائلنگ سسٹم کا آغاز خودکار نظام، ڈیٹا کو محفوظ کرنے اور پرانے طریقہ کار کو کم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ پی پی ایچ آئی بلوچستان درست سمت میں آگے بڑھ رہا ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر ایم پی راجا دھاریجو نے بورڈ کو بنیادی صحت کی خدمات میں اصلاحات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ بورڈ صوبائی حکومت کی ترجیحات کے مطابق جاری اصلاحات کے عمل کو سراہا، جن پر حالیہ اعلیٰ سطحی سرکاری اجلاسوں میں زور دیا گیا تھا۔

کوئٹہ میں تجاوزات کے خلاف سٹی سرکل میں مؤثر کارروائی

میزان چوک، بادام گلی، فاطمہ جناح روڈ سے تجاوزات مکمل طور پر ہٹا دی گئیں

کوئٹہ (این این آئی) ایس ایس پی ٹریفک کوئٹہ کے خصوصی احکامات کی روشنی میں بدھ کو سٹی سرکل کے مختلف علاقوں میں ٹریفک پولیس کی جانب سے ناجائز تجاوزات کے خلاف بھرپور کارروائی کی گئی۔ میزان چوک، بادام گلی، فاطمہ جناح روڈ، مسجد روڈ، لیاقت بازار اور آرٹ اسکول روڈ سمیت اہم مقامات پر آپریشن کرتے ہوئے تمام علاقوں کو تجاوزات سے مکمل طور پر کلیئر کروا دیا گیا۔ ضبط شدہ سامان کو ایوب اسٹیڈیم منتقل کر دیا گیا۔ ایس ایس پی ٹریفک نے واضح کیا ہے کہ شہر میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے تجاوزات کے خلاف بلا تعطل کارروائیاں جاری رہیں گی۔

پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، بلدیاتی الیکشن کے چیئرمین لالا روزی خان کاکڑ کو مبارکباد دینے کے موقع پر گروپ فوٹو

بلوچستان رائٹرز فورم کا وفد چیف آرگنائزر انور زیب کی سربراہی میں شون ادبی دیوان بلوچستان کے عہدیداروں سے ملاقات کر رہے ہیں

محمد اسحاق پندرانی ایماندار پولیس آفیسر ہے، صدام لہڑی

کوئٹہ (آن لائن) قلات کے سیاسی و سماجی رہنما میر صدام حسین لہڑی نے اپنے جاری کردہ بیان میں محمد اسحاق پندرانی کو ایڈیشنل ایس ایچ او خالق آباد منگچر کے چارج ملنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ محمد اسحاق پندرانی ایک ایماندار اور ایک مخلص آفیسر ہے جو ایمانداری سے اپنی فرائض انجام دیتے ہیں اور عوام کے ساتھ بہترین رویے کے ساتھ ملتے ہیں قلات اور منگچر خالق آباد کے تمام ترقی ملنے والے افسران کو مبارکباد پیش کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ ہمارے علاقے کے نوجوان اسی طرح ترقی کرے اور علاقے کا نام روشن کریں۔

شہید ماسٹر غلام سرور زہری اور دس سالہ بیٹے شہید محمد اکرام زہری کی رسم سوئم زہری ہاس مغلوئی قلات میں ادا کردی گئی

کوئٹہ (آن لائن) گزشتہ روز قلات میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے شہید ہونے والے ماسٹر غلام سرور زہری اور اس کے دس سالہ بیٹے شہید محمد اکرام زہری کے رسم سوئم زہری ہاس مغلوئی تو قلات میں ادا کردی گئی تعزیت کرنے والوں و رسم سوئم میں بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت اور شہدا کی روح کے ثواب پہنچانے کے لئے دعا کی دعا کے بعد شہدا کے ایصال ثواب کے لئے خیرات لنگر کا بھی اہتمام کیا گیا۔

پی ٹی آئی کا بیانیہ اسلام کی سربلندی کا قابل فخر کارنامہ ہے، رحیم کاکڑ

ورکروں اور خاص کر عمران خان کی بہنوں کے ساتھ ناروا سلوک قابل مذمت ہے

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ سردار حسن شاہ جمیل بوستان ایڈووکیٹ میر والیس ایڈووکیٹ احمد شاہ ایڈووکیٹ عبداللہ ایڈووکیٹ عمر فاروق ایڈووکیٹ شاہ منصور بشیر احمد نعیم جمال نعمت اللہ توقیر بھٹی ارشد اچکزئی نے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں پی ٹی آئی کا بیانیہ پاکستان کی ترقی عوام کی بہتری اور اسلام کی سربلندی کا قابل فخر کارنامہ ہے انشاء اللہ تحریک انصاف عمران خان کی قیادت میں ملک کی ترقی اسلام کی سربلندی کے قابل فخر بیانیہ کو فالو کرتے ہوئے عالم اسلام میں پاکستان کا ممتاز مقام ہوگا بیان میں پی ٹی آئی کے ورکروں اور خاص کر عمران خان کی بہنوں کے ساتھ اڈیالہ جیل کے سامنے گزشتہ رات ٹھنڈے پانی سے اور پولیس لاٹھی چارج سے مارنا اور زخمی کرنے کی پرزور مذمت کرتے ہیں اس وقت صرف تحریک انصاف کو زیر عتاب بنایا جارہا ہے باقی ملک کی تمام سیاسی ٹولوں چاہیے لسانی نسلی مذہبی اور فیڈریشن کو مکمل آزادی ہے چاہیے جو بھی کریں۔

خانہ فرہنگ ایران میں رہبر معظم کے افکار سے آگاہی سیشن کا انعقاد

شیعہ اور اہل سنت کے جید علماء کرام اور نمایاں ادبی شخصیات نے بھرپور شرکت کی

کوئٹہ (این این آئی) خانہ فرہنگ جمہوری اسلامی ایران، کوئٹہ اور بلوچستان کے دوسرے ثقافتی و علمی اداروں کے تعاون سے، "رہبر معظم آیت اللہ علی خامنہ ای کے افکار و نظریات سے آگاہی" کے عنوان سے دوسرا خصوصی سیشن کا انعقاد کوئٹہ میں اسلامی جمہوریہ ایران کے ثقافتی ادارے خانہ فرہنگ میں منعقد ہوا۔ یہ علمی و ثقافتی تقریب آیت اللہ خامنہ ای ہال میں منعقد ہوئی اور اس میں صوبہ بلوچستان کے مختلف طبقہ فکر کے سرکردہ افراد نے بھرپور شرکت کی۔ حاضرین میں طلباء و طالبات، قانون دان (وکلاء)، یونیورسٹیوں کے اساتذہ، شیعہ اور اہل سنت کے جید علماء کرام اور نمایاں ادبی شخصیات شامل تھیں۔ سیشن کے دوران بلوچستان اور پاکستان کے دیگر شہروں سے آئے ہوئے مقررین نے رہبر معظم انقلاب اسلامی (مدظلہ العالی) کے ثقافتی، انتظامی (مینجمنٹ)، سماجی، سیاسی اور ادبی افکار کے مختلف پہلوؤں کی تفصیل سے وضاحت اور تجزیہ پیش کیا، اور شرکاء کے لیے رہبر معظم کے فکری نظام کی تشریح کی۔

قاری غلام مصطفیٰ مینگل بقضائے الٰہی انتقال کر گئے

قلات (آن لائن) قاری غلام مصطفیٰ مینگل بقضائے الٰہی انتقال کر گئے تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ ہائی سکول پولیس لائن کے ریٹائرڈ عربی ٹیچر قاری غلام مصطفیٰ مینگل انتقال کر گئے وہ موٹروے پولیس کے پیٹرولنگ آفیسر امین اللہ مینگل سینئر فلار حبیب اللہ مینگل کلیم اللہ مینگل کے والد، مولانا عبدالعزیز اختری مینگل، مفتی عطا اللہ اختری مینگل، محمد سلیم اختری مینگل، ہیلتھ ڈرائیور ثناء اللہ اختری مینگل کے بہنوئی سینئر فلار فیضان مینگل سمیع اللہ حماد مینگل اسد مینگل فضل محمد مینگل الیاس مینگل کے ماموں تھے مرحوم کی تدفین مقامی قبرستان خاروان میں کردی گئی جبکہ فاتحہ خوانی مدرسہ دارالعلوم اختریہ خاروان قلات میں ہورہی ہے۔

شیخ حضرت نور مندوخیل کی فاتحہ خوانی آج سروے 144 گلی نمبر 7 میں ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) شیخ حضرت نور مندوخیل کی ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی ژوب میں دو روز تک جاری رہنے کے بعد اختتام پذیر ہوگی۔ مرحوم، شیخ ہارون مندوخیل شیخ یوسف مندوخیل اور شیخ مسعود مندوخیل کے والد تھے۔ خاندان کے قریبی ذرائع کے مطابق مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی آج مورخہ 11 دسمبر بروز جمعرات کو کوئٹہ میں سروے 144 گلی نمبر 7 میں ایک روز کے لیے منعقد کی جائے گی۔

فوکل پرسن عین الدین قریش کا ٹراما سینٹر کا دورہ

ڈاکٹروں پیرا میڈیکس کی حاضری سہولیات پر اطمینان کا اظہار

کوئٹہ (آئی این پی) فوکل پرسن آل بلوچستان ٹراما سینٹر عین الدین قریش نے عوامی شکایات پر بدھ کی شام ٹراما سینٹر کا فوری دورہ کیا ایمرجنسی آپریشن تھیٹر فارمیسی وارڈ اور دیگر شعبہ جات چیک کیا اور ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری سے متعلق معلومات حاصل کی اس موقع پر آر ایم او ایوننگ ڈاکٹر حمیر اعلی خان نے آج ٹراما سنٹر میں ہونے والی مریضوں کو دی گئی سہولیات سے متعلق عین الدین قریش کو بریف کیا۔ اس موقع پر ٹراما سینٹر میں داخل مریضوں کے اٹینڈنٹ سے معلومات حاصل کیا فوکل نے سینٹر میں ڈاکٹروں پیرامیڈیکس کی حاضری اور مریضوں کو دی گئی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا البتہ صفائی کی صورتحال ابتر پائی گئی جس پر آر ایم او ڈاکٹر حمیر اعلی خان کو اس کا نوٹس لیکر ہدایت کی گئی۔

معیار تعلیم کی بہتری کے لیے پالیسی سطح پر اصلاحات کی جائیں، پیپا

بلوچستان سمیت ملک بھر میں پرائیویٹ اسکولز تعلیم کے فروغ کیلئے کوشاں ہیں، شیخ محمد اکرم

کوئٹہ (این این آئی) ملک بھر میں نجی تعلیمی اداروں کی نمائندہ تنظیم پاکستان الائنس آف پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشنز (پیپا) کے رہنماؤں شیخ محمد اکرم، عقیل رزاق، ملک خالد محمود، جاوید نور، تاجمیرا، سید طارق شاہ، جمیل نجم، انور علی بھٹی، محمد نواز چدرانی، لیاقت علی ہزارہ، ملک عمران، خواجہ عبد الحنان، اکرام الدین، چوہدری محمد اقبال، محمد آصف و دیگر نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ملک میں تعلیم کی بہتری اور اڑھائی کروڑ آؤٹ آف سکول بچوں کو تعلیمی دھارے میں واپس لانے کے لیے فوری طور پر پالیسی سطح پر اصلاحات کی جائیں اور پاکستان الائنس اف پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشنز (پیپا) کے جائز مطالبات فوری طور پر تسلیم کئے جائیں۔ یہ بات انہوں نے یہاں پرائیویٹ اسکولوں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان سمیت ملک بھر میں پرائیویٹ اسکولز تعلیم کے فروغ کیلئے کوشاں ہیں ان پرائیویٹ اداروں کے جائز مسائل حل کرنے کیلئے حکومت فوری طور پر اقدامات کرے تاکہ وہ مزید بہتر طریقے سے بچوں کو تعلیم دے سکیں۔ انہوں نے کہا کہ پورے پاکستان، خصوصاً صوبہ بلوچستان میں نجی تعلیمی اداروں کی رجسٹریشن کا طریقہ کار سادہ اور آسان بنایا جائے، پاکستان کے دیگر صوبوں کی طرح آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں بھی ڈویژنل سطح پر مزید دو نئے تعلیمی بورڈز قائم کیے جائیں تاکہ انتظامی امور میں آسانی ہو، پرائیویٹ تعلیمی اداروں میں انتظامیہ کی روزمرہ کے امور میں حکومتی مداخلت کو مکمل طور پر بند کیا جائے۔

کوئٹہ، یوتھ فورم فار کشمیر کے زیر اہتمام ہیومن رائٹس کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ کانفرنس کے اختتام پر ڈائریکٹر خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری کو یوتھ فورم فار کشمیر کے ہیڈ شیر احمد بلوچ شیلڈ دے رہے ہیں

EMPLOYEES' OLD-AGE BENEFITS INSTITUTION

REQUEST FOR PROPOSAL

The Employees' Old-Age Benefits Institution (EOBI) invites bids from reputable Firms for providing **CIR Internet Connectivity at EOBI Head Office Karachi and DR-Site, Lahore, for a period of two (02) years, extendable for further one (01) year on same terms and conditions.** Eligible bidders who are registered with PPRA for E-Procurement on "e-Pak Acquisition and Disposal system (e-PADS)", based in Pakistan registered with the Federal Board of Revenue holding valid NTN and Sales Tax numbers, and appearing on the Active Taxpayers List (for both Income and Sales tax).

The bidding shall be conducted in line with the **Single Stage Two Envelope Procedure with quality and cost selection** of the Public Procurement Rule 2004 and any regulations, Regulatory Guides, Procurement Guidelines or Instructions issued by the Authority (from time to time) and is open to all potential bidders

The complete set of bidding documents containing complete information and detailed terms & conditions are available on the websites of EOBI (www.eobi.gov.pk) e-PADS (www.eprocure.gov.pk) & PPRA (www.ppra.org.pk). Interested eligible bidders may obtain further information from Mr. Wahab Ahmed, Deputy Director (IT) 021-99225376-76 during office hours from 09:00 am to 03:00 pm, Monday to Friday.

All e-bids must be submitted by using EPADS on/before 30-12-2025 at 11:00 am Manual submission of bids will not be accepted. Electronic bids will be opened on the same date at 11:30 am on www.eprocure.gov.pk.

Bids must be accompanied by a Bid Security 2% in the shape of pay order/demand draft/call deposit/banker's cheque in favor of EOBI. Original bid security must reach to the Director (GAD) EOBI at EOBI House 190/1/B, BLOCK 2, PECHS, NURSERY, KARCHI on/or before 11:00 AM of bid closing date.

EOBI reserves all rights to accept or reject any or all of the submitted proposals in accordance with the PPRA rules.

DIRECTOR (GAD)
General Administration Department, EOBI Head Office, 190/1/B, Block-2, PECHS, Karachi
Tel: 021-99225397 | Email. director.gad@eobi.gov.pk

PID-K 2014/25

محکمہ صحت ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال قلعہ سیف اللہ کی خالی آسامیوں کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں

محکمہ صحت بلوچستان کی منظوری سے نوٹیفکیشن نمبر SO.NO (B-I)H/9-2025 3/A.A/2025-261726-39/Dated:3rd Sep ضلع قلعہ سیف اللہ کی مقامی ڈومیسائل امیدواروں سے درخواستیں طلب کی جاتی ہے کہ وہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ٹیچنگ ہسپتال قلعہ سیف اللہ میں ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے تحت گریڈ 1 سے 17 تک ایک سال کی کنٹریکٹ کارکردگی کی بنیاد پر درجہ ذیل اسامیوں کو پر کرنے کیلئے درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ اخبار میں شائع ہونے کی بعد 15 دن تک اپنی درخواستیں ڈی ایچ کیو ہسپتال قلعہ سیف اللہ کے ایڈمن برانچ میں جمع کر سکتے ہیں۔ نیز مقررہ تاریخ کے بعد کسی بھی امیدوار کی درخواست قبول نہیں کی جائے گی۔ اور ٹیسٹ و انٹرویو کی تاریخ کا اعلان بعد میں بذریعہ اشتہار اخبار میں کیا جائے گا۔

خالی پوسٹوں کی تفصیلات درجہ ذیل ہیں

نمبر شمار	آسامی	تعداد	اسکیل	قابلیت
1	لیڈی میڈیکل آفسر (آئی سی یو)	1	17	ایم بی بی ایس کا امتحان محکمہ صحت کے خود مختار ادارے سے پاس کیا ہو
2	میڈیکل آفسر	2	17	ایم بی بی ایس کا امتحان محکمہ صحت کے خود مختار ادارے سے پاس کیا ہو
3	میڈیکل آفسر (آئی سی یو)	1	17	ایم بی بی ایس کا امتحان محکمہ صحت کے خود مختار ادارے سے پاس کیا ہو
4	لیڈی میڈیکل آفسر (آئی سی یو)	1	17	ایم بی بی ایس کا امتحان محکمہ صحت کے خود مختار ادارے سے پاس کیا ہو
5	ڈیٹا انٹری آپریٹر	1	12	انٹرمیڈیٹ / مساوی تعلیم اور کسی مستند ادارے سے کمپیوٹر ڈگری پاس کیا ہو۔ اور کمپیوٹر میں مہارت رکھتا ہو
6	اسٹاف نرس (آئی سی یو)	1	16	نرسنگ ڈپلومہ محکمہ صحت کی کسی خود مختار ادارے سے پاس کیا ہو
7	اسٹاف نرس	6	16	نرسنگ ڈپلومہ محکمہ صحت کی کسی خود مختار ادارے سے پاس کیا ہو
8	ڈائیلاسز ٹیکنیشن	3	9	میٹرک سائنس اور ڈائیلاسز ٹیکنیشن کا امتحان محکمہ صحت کے کسی خود مختار ادارے سے پاس کیا ہو
9	او ٹی ٹیکنیشن	1	6	میٹرک سائنس اور او ٹی ٹیکنیشن ڈپلومہ محکمہ صحت کی کسی خود مختار ادارے سے پاس کیا ہو
10	الٹرا ساونڈ ٹیکنیشن	1	9	میٹرک سائنس اور الٹرا ساونڈ ٹیکنالوجی میں محکمہ صحت کی کسی خود مختار ادارے سے پاس کیا ہو
11	فیزیوتھراپی ٹیکنیشن	1	9	میٹرک سائنس اور فیزیوتھراپی ٹیکنیشن ڈپلومہ محکمہ صحت کی کسی خود مختار ادارے سے پاس کیا ہو
12	وارڈ بوائے	1	2	مڈل پاس سرٹیفکیٹ کسی مستند ادارے سے حاصل کیا ہو۔ جسمانی طور پر تندرست ہو

شرائط: (1) عمر کی حد 18 سے 43 سال ہوگی (2) پہلے سے سرکاری ملازمین درخواستیں اپنی محکمہ کے توسط سے مع این او سی جمع کرائیں (3) مطلوبہ معیار پر پورا اترنے والے امیدواروں کو ٹیسٹ اور انٹرویو کے لئے حکومت بلوچستان کی جانب سے تشکیل شدہ کمیٹی کے روبرو پیش ہونا ہوگا (4) ہر امیدوار اپنی درخواست کے ساتھ اپنے کاغذات لازمی طور پر تصدیق کرائے غیر تصدیق شدہ کاغذات منسلک کرنے کی صورت میں درخواست قبول نہیں کی جائے گی اور درخواست کے ساتھ ایک عدد تازہ ترین تصویر بھی جمع کرانی ہوگی۔ (5) انٹرویو / ٹیسٹ کے دن امیدوار اپنے اصل اسناد بمعہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ اور لوکل ڈومیسائل لازمی اپنے ہمراہ لائیں (6) ٹیکنیکل اسامیوں پر منتخب ہونے والے امیدواروں کو تعیناتی کے احکامات ان کی تعلیمی سرٹیفکیٹ / ڈپلومہ متعلقہ ادارے سے تصدیق کرنے کے بعد جاری کیے جائینگے۔ (7) مشتہر شدہ اسامیوں میں کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔ (8) حکومت بلوچستان کی احکامات کے تحت معذور / اقلیتی امیدوار بھی درخواست جمع کرنے کا حقدار ہے۔ (9) انٹرویو کیلئے آنے والے امیدواروں اور غیر رجسٹرڈ / غیر مستند اداروں سے سرٹیفکیٹ حاصل کرنے والے ابھی درخواست دینے کی زحمت نہ کرے ان کا نام لسٹ میں شامل نہیں کیا جائیگا۔ اور نہ ہی تحریری ٹیسٹ میں بیٹھنے کی اجازت دی جائے گی۔

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال قلعہ سیف اللہ

PRQ No2770/10-12-2025

www.dpr.gob.pk. | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

"Self-Accountability is the Best Accountability"

REQUEST FOR PROPOSAL

TSE-252612921144 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Request for Proposal for selection of Consultancy service invited on Electronic Public Procurement System (EPPS) from well reputed national/International firms (JV) / service provider meeting with eligibility criteria, viz having registration with FBR for Income Tax and BRA and who are on Active Taxpayers List (ATL) having registration with PEC as a Consulting Engineering Firm, and are not black listed in any procuring agency or authority for preparation of Hiring of ***"Consultancy Services from Consulting Firms"*** Titled as ***"Consultancy and Top Supervision services for "Development Initiatives for Dera Murad Jamali City (Phase-I)" District Naseerabad, Bid Security 2%*** **Detail as under:**

S.No.	Description	E/Cost
1	Consultancy and Top Supervision services for "Development Initiatives for Dera Murad Jamali City (Phase-I)" District Naseerabad.	35,870,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. Eligibility of Bidders: 2 Assignments of Similar Nature and Complexity Turn over of at least 5,000,000 PKR Amount in 1 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan PEC/PCAD Registration Valid PEC with full codes of Project Profile Codes: 1201, 1214, 1215 full code, 1222, 1224, services Codes: 0502, 0503, 0506, 0509, 0510, 0511, 0531, 0532, 0533, 0536, 0537, 0542, 0543, 0544 At Least 70 Acre Physical Master Planning Project / MHVRA Project in Last 03 years. Bank Green Challan in the Name of Executive Engineer (Roads) CWPP&H Department Naseerabad under head Revenue C02716 Receipt. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The **FINANCIAL PROPOSALS** shall be opened of those consultants whose technical proposal is considered and approved. The Selection of Consultants shall be made as per Evaluation Criteria method as mentioned in the 'Date Sheet' of this "Request for Proposal" document. The incomplete request for proposal or received after due date mentioned above will not be considered. The RFP Documents can be downloaded from BPPRA Website **(www.bppra.gob.pk)**. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **24 December, 2025** till **10:00 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **11:00 AM.** **Address:** Office Executive Engineer Roads CWPP&H Department Naseerabad. **BID VALIDITY: Ninety (90) days PLACE OF ISSUANCE AND SUBMISSION**: Executive Engineer (Roads) CW,PP&H Department District Naseerabad at Dera Murad Jamali Telephone No. **0838-710615**, Email: Kakarrehman222@gmail.com.

Executive Engineer (Roads)
CWPP&H Department District
Naseerabad at D.M.Jamali

PRQ No.2760/10-12-2025

www.dpr.gob.pk. | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

پاکستان قدرتی وسائل اور معدنی ذخائر سے مالا مال ہے، سیدال خان

بلوچستان کی معدنیات شفاف اور جدید طریقوں سے بروئے کار لا کر معاشی بہتری لائی جا سکتی ہے

حکومت اتحادیوں کیساتھ ملکر معاشی استحکام اور پائیدار ترقی کیلئے موثر قانون سازی کر رہی ہے

کوئٹہ (یو این اے) چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے 35 ویں نیشنل گیمز میں بلوچستان آرچری ٹیم کے ساتھ ناروا سلوک اور اقربا پروری پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھیل میں سیاست اور ذاتی مفادات کھیل کی اصل روح کو تباہ کر دیتے ہیں اور اس واقعہ کی شدید مذمت کی۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے بلوچستان کے منتخب کھلاڑیوں، خاص طور پر لڑکیوں کی ٹیم کو شاباش دی کہ انہوں نے اپنے حق کے لیے کھڑے ہو کر ناانصافی کے سامنے ڈٹ کر مظبوط موقف اختیار کیا۔ انہوں نے یقین دلایا کہ معاملہ سینٹ میں اٹھایا جائے گا اور متعلقہ حکام کے سامنے بھی رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ واقعہ میں ملوث بلوچستان آرچری ایسوسی ایشن کے عناصر کے خلاف انضباطی کارروائی کرتے ہوئے انہیں برسوں سے مسلط اہم عہدوں سے برخاست اور تاحیات پابندی لگانے کی سفارش کی جائے گی تاکہ کھیل کی اصل روح برقرار رہے۔ سینیٹر نے مزید کہا کہ سوشل میڈیا کے دور میں زیادتی کرنے والے چہروں کو بے نقاب کرنا ممکن ہے۔

عالمی نمبرون ٹینس اسٹار اریانا سبالنکا ٹرانس جینڈر ٹینس پلیئرز کی مخالف نکلیں

میں اس کمیونٹی کی مخالفت نہیں کر رہی میں محسوس کرتی ہوں کہ انہیں خواتین کے اوپر بہت ایڈوانٹیج حاصل ہے

کراچی (آن لائن) عالمی نمبرون ٹینس پلیئر اریانا سبالنکا نے ٹرانس جینڈر ٹینس پلیئرز کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں کھیلوں میں اس طرح کی چیز کے ساتھ اتفاق نہیں کرتی۔ ایک انٹرویو میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ ایک پیچیدہ سوال ہے، میں اس کمیونٹی کی مخالفت نہیں کر رہی۔ میں محسوس کرتی ہوں کہ انہیں خواتین کے اوپر بہت ایڈوانٹیج حاصل ہے۔ اریانا سبالنکا کا کہنا تھا کہ میں سمجھتی ہوں کہ بائیولوجیکل مینز کا مقابلہ کرنا غیر منصفانہ ہے۔

میسی نے امریکی فٹبال لیگ کے سب سے قیمتی کھلاڑی کا ایوارڈ جیت لیا

ایوارڈ مسلسل دوسری مرتبہ جیت کر نئی تاریخ رقم، اس کامیابی کے ساتھ ہی وہ امریکی لیگ میں دو بار ایم وی پی ایوارڈ اپنے نام کرنیوالے پہلے کھلاڑی بن گئے

ان کی موجودگی سے نہ صرف لیگ کی مقبولیت میں اضافہ ہوا بلکہ نوجوان کھلاڑیوں کے لیے ایک مثال بھی قائم ہوئی، امریکی لیگ حکام

واشنگٹن (این این آئی) فٹبال کے عالمی اسٹار لیونل میسی نے امریکی فٹبال لیگ کا "سب سے قیمتی کھلاڑی" (ایم وی پی) ایوارڈ ایک بار پھر اپنے نام کر لیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق میسی نے یہ ایوارڈ مسلسل دوسری مرتبہ جیت کر نئی تاریخ رقم کر دی ہے، اس کامیابی کے ساتھ ہی وہ امریکی لیگ میں لگاتار دو بار ایم وی پی ایوارڈ اپنے نام کرنے والے پہلے کھلاڑی بھی بن گئے۔ رپورٹس کے مطابق میسی کی شاندار پرفارمنس، ان کے گول اسکورنگ ریکارڈ اور کھیل میں مسلسل بہترین کارکردگی نے انہیں اس ایوارڈ کا حقدار ٹھہرایا۔ گزشتہ سیزن میں بھی میسی نے میدان میں اپنی مہارت اور ٹیم کے لئے کلیدی کردار ادا کرتے ہوئے ایوارڈ حاصل کیا تھا۔ امریکی لیگ حکام نے میسی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی موجودگی سے نہ صرف لیگ کی مقبولیت میں اضافہ ہوا بلکہ نوجوان کھلاڑیوں کے لیے ایک مثال بھی قائم ہوئی۔

گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول چاہ سر تربت میں سالانہ اسپورٹس ویک کا افتتاح

اسپورٹس ویک کے دوران فٹبال، کرکٹ، والی بال، تائیکوانڈو اور 100 میٹر ریس کے مقابلے ہونگے

تربت (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول چاہ سر تربت میں سالانہ اسپورٹس ویک کی افتتاحی تقریب اور میچ منعقد ہوئی۔ جس کے مہمان خصوصی معروف اسپورٹس اور کاروباری شخصیت شاہ دوست ڈشتی تھے۔ انہوں نے مختلف کھیلوں کا افتتاح کیا اور طلبہ کی حوصلہ افزائی کے طور پر 30 ہزار روپے دینے کا اعلان بھی کیا۔ اسپورٹس ویک کے دوران فٹبال، کرکٹ، والی بال، تائیکوانڈو اور 100 میٹر ریس کے مقابلے ہونگے۔

پرو ہاکی لیگ، پاکستان کو ہالینڈ سے 2-5 گول سے شکست

تیسرے کوارٹر میں گرین شرٹس نے تین گول کھائے، ارجنٹائن سے 12 دسمبر کو مقابلہ ہوگا

اسلام آباد (آن لائن) پرو ہاکی لیگ کے پہلے میچ میں پاکستان کو ہالینڈ کے ہاتھوں شکست کا سامنا، ہاف ٹائم میں دو دو گولز برابر رہنے کے بعد گرین شرٹس کو دو کے مقابلے میں پانچ گولز سے شکست ہوئی۔ ارجنٹائن میں جاری ایونٹ میں پاکستان کی طرف سے پہلا گول نویں منٹ میں حنان شاہد نے کر کے برتری حاصل کی جسے بارہویں منٹ میں کوئن چین نے گول کر کے برابر کر دیا۔

میر چاکر خان رند یونیورسٹی میں رنگا رنگ سپورٹس گالہ 2025 کا شاندار آغاز

کھیل جسم اور ذہن کی نشوونما کے لیے لازمی ہیں، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ممتاز بلوچ

سبی (یو این اے) میر چاکر خان رند یونیورسٹی میں رنگا رنگ سپورٹس گالہ 2025 کا آغاز افتتاحی تقریب کے ساتھ ہوا، جس میں مہمان خاص وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ممتاز بلوچ تھے۔ انہوں نے فٹبال کو کک مار کر سپورٹس گالہ کا باضابطہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر یونیورسٹی کے طلباء و طالبات نے مختلف کھیلوں میں حصہ لیا جن میں بیڈمنٹن، کرکٹ، ٹیبل ٹینس، لڈو اور دیگر کھیل شامل تھے۔ افتتاحی تقریب یونیورسٹی کے گراؤنڈ میں منعقد ہوئی۔

پہلا آل سندھ بلوچستان الحاج میر عبدالرحمان خان جمالی انویٹیشن فٹ بال ٹورنامنٹ جاری

اوستہ محمد، عامر فٹبال کلب، آزاد بلوچ کلب اپنے اپنے میچ جیتنے میں کامیاب

مہمان خاص میئر میونسپل کارپوریشن میر مظفر خان جمالی تھے، کمیٹی کیلئے 30 ہزار روپے کا اعلان

اوستہ محمد (رپورٹ ریاض عمرانی) اوستہ محمد کے منی اسٹیڈیم نور محمد خان جمالی میں پہلا آل سندھ بلوچستان الحاج میر عبدالرحمان خان جمالی انویٹیشن فٹ بال ٹورنامنٹ جاری ہے۔ ٹورنامنٹ کے پانچویں روز دو میچ کھیلے گئے۔ پہلا میچ عامر فٹبال کلب اوستہ محمد اور الیون برادر فٹبال کلب اوستہ محمد کے درمیان ہوا، جس میں عامر فٹبال کلب نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے دو صفر سے کامیابی حاصل کی۔ دوسرا میچ شاہ بختیاری فٹبال کلب گڑھی خیرو اور آزاد بلوچ فٹبال کلب اوستہ محمد کے درمیان کھیلا گیا۔ مقررہ وقت تک دونوں ٹیموں نے ایک ایک گول اسکور کیا۔ بعد ازاں فیصلے کے لیے پانچ پانچ پینالٹی ککس لگائے گئے، جس میں آزاد بلوچ فٹبال کلب اوستہ محمد نے تین کے مقابلے میں چار گول کر کے کامیابی اپنے نام کی۔ اس میچ کے مہمان خاص میئر میونسپل کارپوریشن میر مظفر خان جمالی تھے، جنہوں نے ٹیموں کا تعارف لیا اور ٹورنامنٹ کمیٹی کے لیے 30 ہزار روپے کا اعلان بھی کیا۔ اعزازی مہمانوں میں حاجی طیب بلائی (ریجنل کوآرڈینیٹر ایچ آر یو نصیر آباد ڈویژن)، ثناء اللہ کھوسو (ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر پی آر ایس پی اوستہ محمد)، الطاف حسین جانڈو، علی اشفاق جمالی، غلام عباس (پی آر ایس پی)، کیپٹن غلام سرور سومرو، الااللہ فضل پٹھان، اسرار احمد، چیف آرگنائزر شان شاکر ابڑو، آرگنائزر محمد اسلم مستوئی اور سیکریٹری ٹورنامنٹ محمد یوسف گولہ بھی موجود تھے۔

نئے خزانہ آفیسر کچھی چارج لینے سے گریزاں، سرکاری امور ٹھپ

سرکاری اداروں اور ملازمین کو شدید مالی مشکلات اور مسائل کا سامنا

ڈھاڈر (نمائندہ خصوصی) نئے خزانہ آفیسر کچھی کا ایک ہوئے ہفتہ گزر گیا مگر چارج لینے سے گریزاں۔ سرکاری امور ٹھپ اور سرکاری اداروں اور ملازمین کو شدید مالی مشکلات اور مسائل کا سامنا۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ خزانہ بلوچستان کے حکم نامے کے تحت سینئر آفیسر ساجد علی جمالی کو خزانہ آفیسر کچھی بمقام ڈھاڈر تعینات کیا گیا ہے مگر ایک ہفتہ گزر جانے کے باوجود موصوف حاضری رپورٹ اور اپنا چارج سنبھالنے سے گریزاں نظر آتے ہیں جسکی وجہ سے ضلع میں مختلف سرکاری محکموں اور اداروں کو مالی و سرکاری امور چلانے میں شدید دشواری کا سامنا ہے اس کے علاوہ ملازمین بھی سخت مسائل کا شکار ہو رہے ہیں اگر مزید ہوئی تو سرکاری ملازمین و پنشن لینے والے ہزاروں افراد کو اپنے تنخواہوں کے لالے پڑ جائیں گے

میری آدہ رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی توکل بابوزئی کے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پی ایچ ای پشین کی کارکردگی قابل ستائش ہے، عوامی حلقے

پشین (یو این اے) پشین کے سیاسی، سماجی اور عوامی حلقوں نے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ پشین کے ایکسین انجینئر ندیم پانیزئی کی بہترین کارکردگی اور عوامی خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے۔ پشین کے معتبر شخصیات حاجی عطا محمد، عبیداللہ جان صاحب خان اچکزئی، منیر ترین اور اصغر خان کاکڑ نے کہا ہے کہ انجینئر ندیم پانیزئی نے علاقے میں پانی کی فراہمی کے متعدد اہم مسائل حل کر کے عوام کے دل جیت لیے ہیں۔

ڈیرہ مراد جمالی، سردارزادہ وڈیرہ ممتاز علی عمرانی کرنل طیب رضوان سے گفتگو کر رہے ہیں

واپڈا ملازمین کا احتجاج، امن و امان، مہنگائی، نجکاری کے خاتمے، تنخواہوں میں اضافے کا مطالبہ

موجودہ حالات میں مہنگائی خطرناک حد تک بڑھ چکی ہے جبکہ یہی تنخواہیں گھر چلانے کے لیے ناکافی ہیں

تنخواہوں میں خاطر خواہ اضافہ نہیں کیا، بڑھتی ہوئی قیمتوں نے سفید پوش طبقے کا جینا مشکل بنا دیا ہے، مقررین

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) واپڈا ملازمین کا بڑا احتجاج امن و امان، مہنگائی اور نجکاری کے خلاف شدید ردعمل، تنخواہوں میں اضافے کا مطالبہ، واپڈا کی ممکنہ نجکاری، بڑھتی ہوئی مہنگائی، امن و امان کی خراب صورتحال اور تنخواہوں میں عدم اضافے کے خلاف نصیر آباد میں واپڈا ملازمین نے بھرپور احتجاجی مظاہرہ کیا، جس میں مختلف سب ڈویژنوں کے سینکڑوں ملازمین نے شرکت کی۔ احتجاجی مظاہرے میں عبدالکریم جاگیرانی، میاں عبدالمجید، ابراہیم کرانی، عبدالنبی چنہ، ساول خان عمرانی، الستار ہاشمی، غلام یاسین کھوسو، نادر شیخ، محمد اکبر سومرو، عبدالفتح سومرو اور صدر دین لہڑی سمیت دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا۔ شرکاء نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر نجکاری نامنظور، مہنگائی روکو، تنخواہوں میں اضافہ کرو اور ملازمین کا معاشی قتل بند کرو جیسے نعرے درج تھے۔ رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات میں مہنگائی خطرناک حد تک بڑھ چکی ہے جبکہ یہی تنخواہیں گھر چلانے کے لیے ناکافی ہیں۔ ملازمین کا کہنا تھا کہ حکومت نے گزشتہ کئی برسوں سے تنخواہوں میں خاطر خواہ اضافہ نہیں کیا اور بڑھتی ہوئی قیمتوں نے سفید پوش طبقے کا جینا مشکل بنا دیا ہے۔ مقررین نے مطالبہ کیا کہ موجودہ مہنگائی کے تناسب سے تنخواہوں میں فوری اور نمایاں اضافہ کیا جائے۔ امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں، کیونکہ فیلڈ اسٹاف آئے روز خطرات کا سامنا کرتا ہے۔ واپڈا اور بجلی کی دیگر کمپنیوں کی نجکاری کو مکمل طور پر ختم کیا جائے، کیونکہ یہ اقدام ہزاروں ملازمین کے مستقبل اور عوامی مفاد کے خلاف ہے۔ مظاہرین نے کہا کہ نجکاری سے بجلی مزید مہنگی ہوگی، عوام پر بوجھ بڑھے گا اور ملازمین کی نوکریاں غیر محفوظ ہو جائیں گی۔ انہوں نے متنبہ کیا کہ اگر حکومت نے نجکاری کا فیصلہ واپس نہ لیا اور تنخواہوں و سیکیورٹی سے متعلق مطالبات پورے نہ کیے تو احتجاج مزید وسیع کیا جائے گا۔

محکمہ تعلیم کے زیر اہتمام ورکشاپ کے اختتام پر پولشہ جلازئی ہیڈ مسٹریس کنیز وزیر کو سرٹیفکیٹ دے رہی ہیں

غلام حسین مینگل کی عدم بازیابی کے خلاف محکمہ کے ملازمین سراپا احتجاج

گرینڈ الائنس کا عبداللہ رند کی قیادت میں ملازمین کا میر حسن آر ڈی 418 پر دھرنا

علاقے میں پانی کی فراہمی متاثر، مظاہرین کا پولیس کی مبینہ غفلت کے خلاف سخت نعرے

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد میں محکمہ ایریگیشن کے ڈرائیور غلام حسین مینگل کی تاحال عدم بازیابی کے خلاف محکمہ کے ملازمین سراپا احتجاج بن گئے۔ ایریگیشن ایمپلائز یونین بلوچستان کے صوبائی صدر علی بخش جمالی اور گرینڈ الائنس نصیر آباد کے صدر عبداللہ رند کی قیادت میں سینکڑوں ملازمین نے میر حسن آر ڈی 418 پر دھرنا دیا اور شدید احتجاج کیا۔ مظاہرین نے احتجاجاً ربیع کینال کو بند کر دیا جس کے باعث علاقے میں پانی کی فراہمی متاثر ہوگئی۔ مظاہرین پولیس کی مبینہ غفلت اور عدم کارروائی کے خلاف سخت نعرے لگاتے رہے اور مطالبہ کیا کہ ڈرائیور غلام حسین مینگل کو فوری طور پر بازیاب کرایا جائے۔ احتجاج میں اظہار یکجہتی کے لیے سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی، زمیندار کسان اتحاد کے صدر دین محمد کرانی، میر رانا خان مغیری، میر نیاز لہڑی سمیت مختلف سیاسی و سماجی رہنماؤں نے شرکت کی اور مظاہرین کے مطالبات کی حمایت کا اعلان کیا۔ صورتحال کے پیش نظر ایکسین پٹ فیڈر فرید احمد پندرانی، اسسٹنٹ کمشنر نصیر آباد بہادر خان کھوسہ موقع پر پہنچے اور مظاہرین کے نمائندوں صوبائی صدر علی بخش جمالی، گرینڈ الائنس کے صدر عبداللہ رند اور ایریگیشن ایمپلائز نصیر آباد کے صدر سید ظہیر شاہ کے ساتھ طویل مذاکرات کیے

اوستہ محمد، منظور احمد پندرانی ایڈووکیٹ سجاد حسین ابڑو سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

"Our Faith Corruption Free Pakistan"

TENDER NOTICE

The **CHIEF OFFICER DISTRICT COUNCIL KILLA ABDULLAH** invites Sealed percentage tender on composite schedule of rate 2023 Government of Balochistan (amended up to date) from interested contractors / firms for the following Development Works for the year 2024-25 Govt. of Balochistan.

S.No	Name of Scheme	Amount
1	INSTALLATION OF SOLAR PLATES PACKAGE-I **TSE-252612920723**	6.10 M
2	INSTALLATION OF SOLAR PLATES PACKAGE-II **TSE-252612920753**	17.50 M
3	INSTALLATION OF SOLAR PLATES PACKAGE-III **TSE-252612920773**	10.00 M
4	INSTALLATION OF SOLAR PLATES PACKAGE-IV **TSE-252612920813**	17.50 M
5	INSTALLATION OF SOLAR PLATES PACKAGE-V **TSE-252612920833**	18.316 M
6	INSTALLATION OF SOLAR PLATES PACKAGE-VI **TSE-252612920853**	19.184 M
7	PROVIDING OF WASHING MACHINE **TSE-252612920873**	11.40 M

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn-over of at least equal to estimated cost in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Fresh Power of attorney on 100/- PKR affidavit in case of representation Latest Bank certificate of the Firm Presence in Active GST Payer List **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **2,000 PKR** on A/C 11845-5 Branch Code 0559 NBP Chaman Branch. **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **29 December, 2025**during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **29 December, 2025**till **10:00 A.M.** **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **11:00 AM** **Address:** Chief Officer District Council Killa Abdullah
Phone no: 3336711598 **Email:** karimbakhsh.co@gmail.com

CHIEF OFFICER
District Council Killa Abdullah

AB No.564/10-12-2025

خود احتسابی بہترین احتساب ہے۔

TENDER NOTICE

The **Deputy Director Agriculture On Farm Water Management District Barkhan**, invites bids from Eligible Bidders for the execution of various developmental works under the below mentioned schemes PSDP 2025-26, from the interested contractors/firm with the **Bid Security @ 2%** of estimated cost in shape of Call Deposit/Bank Guarantee (Refundable). The non-refundable Tender to be deposited in any **National Bank of Pakistan Branch** situated in Balochistan Province through Green Bank Challan in a head of account **(C03136) (verified by the District Accounts Officer)**. The scheduled items rates of BoQs of the tender are based on BCSR-2023. **Tender Fee 1,500 PKR**

S#	Name of Work/s	E/Cost
1	Inst: of Solar System on Bores UNDER THE PROJECT AGRICULTURE BORE WITH SOLAR BASTI CHIEF ZULFAQAR OLAYNE BAGHAO BARKHAN [Z2025.0040] PSDP No. 5694 (2025-26) **TSE-252612921093**	15,509,647

Procurements shall be made under BPP Rules 2014. Eligibility of Bidders: Eligibility and technical qualification Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents of each tender. **Method of Procurement:** Single Stage-One Envelope Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security (2%) in the form of **Call Deposit** or **Bank Guarantee (Bank's certificate is mandatory)** in the name of the undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of Bid submission:** Bid can only be submitted electronically by 25th December, 2025, till 11:00 AM through supplier dashboard **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM district Barkhan. **Address:** Office of the Deputy Director Agriculture (OFWM) District Barkhan **Email:** sadiqzarkoon.agric@gmail.com **Note:** -The Tender Opening Committee/Bid Evaluation Committee reserves the right (Delegated by the BPPRA Rules 2014) that either accept or reject any or all the offers/quotations prior to the acceptance of a bid. a)The Contractor/Firm not qualifying the basic eligibility criteria will not be entertained in the bidding process. b) The bidder / firm should quote all the rates in BOQ's otherwise the bidding would be considered non-responsive.

Deputy Director Agriculture On Farm Water Management District Barkhan

PRQ No.2754/10-12-2025

بدعنوانی کے خلاف نوجوانوں کے ساتھ: روشن مستقبل کی تعمیر

TENDER NOTICE

The NATURAL CALAMITIES & OTHER DISASTER (ESTABLISHMENT) invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252612921112 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee 1,000 PKR**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Transportation and Storage and Mail Services (Total Item(s) Count: 1)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity Worth PKR. 1,500,000 Million each in Previous 5 Years Accumulated Turn over of at least PKR.4,950,000 Million in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan Type Approval and its commitment from PTA 24/7 Call Centre and Technical support (Both in Quetta) Un-conditionally agree with all the terms and conditions stated herein in the Bidding Document **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically by 29 December, 2025till 12:00 PM through supplier dashboard. Tender opening: All tenders will be opened on same day at 01:00 PM on EPPS System Address: Grain Silos Sheikh Manda Airport Road Quetta Phone no: 081924111 8Fax no: 0819241126
Email: pdma.balochistan2007@gmail.com

Assistant Director
NATURAL CALAMITIES & OTHER DISASTER (ESTABLISHMENT)

AB No.566/10-12-2025

"Our Faith Corruption Free Pakistan"

TENDER NOTICE

The Executive Engineer Urban Planning & Development Department Makran Division at Kech invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2023, G.O.B. amended up-to-date from interested contractors / firms for the work listed below: **Earnest Money 2%, Tender Fee 1000/- and Time limit 30-06-2026 for each work**

S. NO	NAME OF WORK	E/COST
1	CONSTRUCTION OF BOUNDARY WALL GRAVEYARD SHAHI TUMP TURBAT. PSDP NO. 6024 Z2025.0880. **TSE-252612920083**	9,899,864
2	LITERARY ACADEMIES AT TURBAT, GWADAR AND PANJGUR. PSDP NO.5696 Z2025.1629. **TSE-252612920123**	9,900,172

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Guarantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed Serial 1000 PKR. **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 26th December, 2025 office hours on working days. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 26th December, 2025 till 09:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at 10:00 AM. Address: Executive Engineer Urban Planning & Development Department Makran Division At Kech
Phone no: 0852414060 Fax no: 0852414060
Email: xenurbanmakran@gmail.com

PRQ No.2748/10-12-2025

EXECUTIVE ENGINEER
Urban Planning & Dev: Department
Makran Division at Kech

بقیہ 1 — میر سرفراز بگٹی

کے لیے ایک بڑی سہولت ثابت ہوگا اس کے علاوہ ہم بلوچستان میں الیکٹرک بسوں کو متعارف کرائیں گے تاکہ عوامی سہولیات کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی آلودگی کے چیلنجز سے بھی نمٹا جا سکے انہوں نے کہا کہ خواتین کی بااختیاری معاشرتی ترقی کی بنیاد ہے۔ بلوچستان کے مختلف اضلاع میں خدمات سرانجام دینے والی خواتین ڈپٹی کمشنرز نے اپنی کارکردگی سے ثابت کیا ہے کہ انتظامی امور میں خواتین کسی بھی میدان میں مردوں سے کم نہیں حکومت ہر شعبے میں خواتین کو نئے مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے پنک بس سروس کا آغاز، خواتین کے لیے اسکالرشپس اور دیگر ترقیاتی پروگرام اسی سلسلے کی کڑیاں ہیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ تمام اقدامات ان عناصر کے لیے واضح پیغام ہیں جو بلوچ خواتین کو تعلیم و ترقی کے بجائے خودکش جیکٹ پہنا رہے ہیں اور انہیں گمراہ کرکے منفی سوچ اور لاحاصل جنگ کی طرف دھکیل رہے ہیں انہیں سمجھ لینا چاہیے کہ حکومت بلوچستان اپنی بچیوں کے لیے دنیا کی بہترین جامعات کے دروازے کھول رہی ہے بلوچ عوام کو اس بے مقصد جنگ سے کبھی کوئی فائدہ نہیں ہوا اور نہ ہوگا اگر آج نہیں تو آنے والے برسوں میں یہ حقیقت پوری قوم کے سامنے کھل کر آئے گی انہوں نے پرعزم انداز میں کہا کہ ریاست اس جنگ میں ضرور کامیاب ہوگی اور ترقی، امن اور روشن مستقبل ہی بلوچستان کا مقدر بنے گا تقریب میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پنک بس سروس کا آغاز اور گرین بس سروس میں توسیع کا افتتاح کا بھی کیا

بقیہ 2 — وزیراعظم

سکتا، افواج کی قربانیوں کا مذاق اڑائیں گے تو کون پاکستان کی عزت کرے گا؟ جادو ٹونے سے نہیں ملک محنت سے ترقی کرے گا، پاک فوج نے دلیری اور جرات سے جنگ لڑی، فیلڈ مارشل نے جنگ کی قیادت کی، مسلح افواج کی جرات اور بہادری سے دشمن کو عبرت ناک شکست ہوئی، ملک میں فرقہ پرستی کا خاتمہ ضروری ہے، اب بھی بعض مکاتب فکر کے لوگ کہتے ہیں کہ اس مسجد میں اس کے پیچھے نماز نہیں پڑھ سکتے، ملکی ترقی اور استحکام کیلئے اتحاد و یکجہتی اور دہشت گردی کا خاتمہ ناگزیر ہے، افواج پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا ناقابل برداشت ہے۔ وہ بدھ کو یہاں قومی علماء کنونشن سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، چیف آف ڈیفنس فورسز و آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ سمیت وفاقی وزراء، اعلیٰ سرکاری حکام کے علاوہ علماء و مشائخ کی بڑی تعداد موجود تھی۔ وزیراعظم نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے بے پایاں فضل و کرم اور علماء کرام و قوم کی دعاؤں کی بدولت معرکہ حق میں پاکستان کو بڑی کامیابی ملی، مسلح افواج کی جرات اور بہادری سے دشمن کو عبرتناک شکست ہوئی، چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں افواج پاکستان نے جرات و بہادری سے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا، اس کامیابی میں بری، بحری و فضائیہ سمیت تمام افواج کا کردار قابل ستائش ہے۔ پاکستان کی بنیاد کلمہ طیبہ پر رکھی گئی، ہمارے بزرگوں نے قربانیاں دے کر ملک کو آزادی سے ہمکنار کیا، امانت، دیانت اور محنت سے قیام پاکستان کا مقصد حاصل کرنا تھا، پاکستان کی خاطر گھر بار چھوڑ کر آنے والوں کو اس ملک کے عظیم ترین بننے کی امید تھی۔ انہوں نے کہا کہ دن رات محنت سے ترقی و خوشحالی ممکن ہے، دنیا میں مقام حاصل کرنے والی قوموں نے محنت کو اپنا شعار بنایا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پائی پائی بچا کر ملک کی معاشی تقدیر بدلیں گے اور اسے قائداعظم اور علامہ اقبال کے خوابوں کی تعبیر بنائیں گے۔ انہوں نے قومی معاملات پر یکجان ہونے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پوری دنیا معرکہ حق میں پاکستان کی کامیابی کی معترف ہے، دشمن ورطہ حیرت میں ہے اور برادر ممالک خوشی سے پھولے نہیں سماتے، دوست ممالک نے معرکہ حق میں فتح کو اپنی فتح سمجھ کر مبارکباد دی۔ وزیراعظم نے افواج پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا کو ناقابل برداشت قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ علماء کرام اور ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ اپنی اس فوج کا دفاع کریں جس نے ہمارے دفاع کیلئے اپنے لہو سے تاریخ رقم کی اور ہمارے ازلی دشمن کو ایسی شکست دی جسے وہ قیامت تک نہیں بھولے گا۔

بقیہ 3 — فیلڈ مارشل

پاکستان کا نہیں بھارت کا وطیرہ ہے، ہم دشمن کو چھپ کے نہیں للکار کر مارتے ہیں، اسلامی ریاست میں ریاست کے علاوہ کوئی جہاد کا حکم نہیں دے سکتا، علما قوم کو متحد رکھیں اور قوم کی نظر میں وسعت پیدا کریں۔ قومی علما مشائخ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ ریاست طیبہ اور ریاست پاکستان کا آپس میں ایک گہرا تعلق ہے، اللہ نے تمام مسلم ممالک میں سے محافظین حرمین کا شرف پاکستان کو عطا کیا، سعودی عرب کے ساتھ دفاعی معاہدہ تاریخی ہے۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ جس قوم نے علم اور قلم کو چھوڑا، انتشار اور فساد نے وہاں جگہ لی، عزت اور طاقت تقسیم سے نہیں، محنت اور علم سے حاصل ہوتی ہے۔ چیف آف ڈیفنس فورسز نے کہا کہ دہشت گردی پاکستان کا نہیں بھارت کا وطیرہ ہے، ہم دشمن کو چھپ کے نہیں للکار کر مارتے ہیں، معرکہ حق میں اللہ کی نصرت سے کامیابی ملی۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی ریاست میں ریاست کے علاوہ کوئی جہاد کا حکم نہیں دے سکتا، علما قوم کو متحد رکھیں اور قوم کی نظر میں وسعت پیدا کریں۔ پاکستان ہمیشہ زندہ باد۔

بقیہ 4 — قومی کانفرنس

مطابق تحریک تحفظ آئین پاکستان کا ہنگامی اجلاس محمود خان اچکزئی کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں ملک کی سیاسی، آئینی اور پارلیمانی صورتحال پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں علامہ راجہ ناصر، اسد قیصر، مصطفیٰ نواز کھوکھر سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ 20 اور 21 دسمبر کو اسلام آباد میں قومی مشاورتی کانفرنس منعقد کی جائے گی جس میں اپوزیشن جماعتیں، بار کونسلز اور انسانی حقوق کی تنظیمیں مدعو ہوں گی، مصطفیٰ کھوکھر، حسین یوسفزئی اور خالد چوہدری پر مشتمل انتظامی کمیٹی قائم کر دی گئی۔ اجلاس میں اڈیالہ جیل کے باہر عمران خان کی بہنوں پر مبینہ ریاستی تشدد کی شدید مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا گیا کہ حکومت مذاکرات سے پہلے اسلام آباد ہائی کورٹ کے احکامات پر عمل کرے، عمران خان کے سیاسی رفقا اور اہل خانہ سے ملاقاتیں فوری بحال کی جائیں۔ عمران خان کے زیر التوا مقدمات کی میرٹ پر فوری سماعت شروع کی جائے۔ اجلاس میں خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے اشاروں پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اعلان کیا گیا کہ غیر آئینی اقدام کی ہر سطح پر مزاحمت کی جائے گی۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ افغانستان کے ساتھ سرحدی تجارت فوری بحال کی جائے اور تمام تنازعات کا حل مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے نکالا جائے، تحریک تحفظ آئین پاکستان کی جدوجہد آئین و جمہوری روایات کے تحفظ کے لیے جاری رہے گی۔

بقیہ 5 — ذخائر دریافت

شیا بلاک کو بات سے تیل و گیس کے ذخائر دریافت ہوئے، جس سے او جی ڈی سی ایل کے ذخائر میں مزید اضافہ ہوگا۔ ترجمان کے مطابق شیا بلاک میں کنگریانی فارمیشن سے یہ پہلی ہائیڈرو کاربن دریافت ہے، اس کنویں کی ڈرلنگ 5 ہزار 170 میٹر گہرائی تک مکمل کی گئی ہے۔ او جی ڈی سی ایل ترجمان کے مطابق شیا بلاک میں او جی ڈی سی بطور آپریٹر 65 فیصد کی حصے دار ہے، پی پی ایل 30 اور جی ایچ پی ایل 5 فیصد کے حصے دار ہیں۔ ترجمان

(ذیل کا متن اوپر سے جاری) کے مطابق نئی دریافت سے ملکی توانائی کی ضرورت پوری کرنے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 6 — منظوری دیدی

کی ایگزم بینک آئندہ برسوں میں تقریباً دو ارب ڈالر مالیت کے کان کنی کے جدید آلات اور خدمات پاکستان کو فراہم کرے گا تاکہ ریکوڈک منصوبے کو عملی طور پر فعال کیا جا سکے۔ بینک کے مطابق اس منصوبے کے نتیجے میں امریکہ میں چھ ہزار جبکہ بلوچستان میں تقریباً ساڑھے سات ہزار روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ریکوڈک منصوبہ نہ صرف کان کنی کی صنعت کے لیے ایک ماڈل ثابت ہوگا بلکہ اس سے امریکی برآمد کنندگان، پاکستانی شراکت داروں اور مقامی کمیونٹیز کو بھی فائدہ ہوگا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ٹرمپ انتظامیہ نے اس طرح کے اقتصادی تعاون کو اپنی سفارتی حکمت عملی کا اہم حصہ بنایا ہے اور وہ اس شعبے میں پاکستان اور امریکہ کے درمیان مزید شراکت داری کے خواہش مند ہیں۔ خیال رہے کہ بلوچستان معدنیات کے حوالے سے پاکستان کا اہم ترین خطہ سمجھا جاتا ہے۔ 1970 کی دہائی میں جیولوجیکل سروے آف پاکستان نے ریکوڈک اور سینڈک میں سونے اور تانبے کے قیمتی ذخائر دریافت کیے تھے۔ ریکوڈک کا علاقہ چاغی میں واقع ہے اور اسے اکثر 'سویا ہوا دیو' کہا جاتا ہے کیونکہ بہت عرصے تک یہ منصوبہ قانونی تنازعات اور مالی مسائل کے باعث تعطل کا شکار رہا۔ سنہ 2022 کے آخر میں ایک نئے معاہدے کے تحت یہ منصوبہ دوبارہ شروع ہوا۔ اس معاہدے کے مطابق بلوچستان حکومت کے پاس 25 فیصد، وفاق کے پاس 25 فیصد جبکہ کینیڈا کی کمپنی بیرک گولڈ کے پاس 50 فیصد شیئرز ہیں۔ بیرک گولڈ نے سرمایہ کاری کے ساتھ 2028 تک پیداوار شروع کرنے کا وعدہ کیا ہے۔

بقیہ 7 — انتباہ جاری

پر 8.9 فیصد تک جا سکتی ہے۔ رپورٹ میں ملک میں بڑھتی ہوئی قیمتوں پر گہری تشویش ظاہر کی گئی ہے۔ آئی ایم ایف نے پاکستان کی معاشی ترقی کے نئے تخمینے بھی جاری کیے ہیں۔ موجودہ مالی سال میں ملکی ترقی کی شرح 3.2 فیصد رہنے کی توقع ہے۔ بیروزگاری میں معمولی کمی متوقع ہے، جو 8 فیصد سے کم ہو کر 7.5 فیصد تک پہنچ سکتی ہے۔ تجزیہ کاروں کے مطابق، یہ معمولی بہتری معاشی استحکام کو سہارا دے سکتی ہے۔ مالیاتی اشارے بھی رپورٹ میں شامل کیے گئے ہیں۔ ٹیکس کے تناسب برائے جی ڈی پی 15.9 فیصد سے بڑھ کر 16.3 فیصد تک جانے کا امکان ہے۔ مالی خسارہ 5.4 فیصد سے کم ہو کر 4 فیصد تک محدود رہنے کی پیش گوئی ہے۔ تاہم، پاکستان کا قرضہ بوجھ جی ڈی پی کے 69.6 فیصد پر برقرار رہنے کا خدشہ ہے۔ رپورٹ میں پاکستان کو مہنگائی پر قابو پانے اور معاشی ترقی کو برقرار رکھنے کے چیلنج پر زور دیا گیا ہے۔

بقیہ 8 — اسد قیصر

سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مطالبہ کرتے ہیں کہ پیپلز پارٹی گورنر راج پر اپنا آفیشل موقف واضح کرے، بتائیں کنڈی کا بیان پارٹی پالیسی ہے یا نہیں۔ اسد قیصر نے کہا کہ ہم اپنا دفاع کرنا جانتے ہیں، گورنر راج ان کے بس کی بات نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی امن چاہتی ہے، دہشت گردی کے خلاف تمام وسائل استعمال کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ پالیسی میں لوکل کمیونٹی کو بھی شامل کیا جائے۔

بقیہ 9 — بلاول بھٹو

پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج لگانا میرا یا میری پارٹی کا مطالبہ نہیں، میں کسی سیاسی پارٹی پر پابندی کے حق میں بھی نہیں ہوں، سیاسی پارٹی کو خیبر پختونخوا میں اپنا رویہ بہتر کرنا ہوگا، دہشت گردوں کے خلاف جاری آپریشن میں خلل ڈالا تو مسائل بنیں گے، سیاسی جماعت دہشت گردوں کی سہولت کاری کی تو پھر گورنر راج لگانا مجبوری بن جائیگا، خیبر پختونخوا میں جنگی حالات پیدا ہوتے جا رہے ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستان کو افغانستان کی طرف سے جو خدشات ہیں وہ سچ ثابت ہو رہے ہیں، افغانستان سے دہشت گرد پاکستان آکر دہشت گردی کرتے ہیں، یہ پاکستان کے لیے سنگین خطرہ ہے، ہماری افواج اس چیلنج کا مقابلہ کر رہی ہیں، پاکستان کے اندرونی چیلنجز سے بھی نمٹا جا رہا ہے۔

بقیہ 10 — سپیکر قومی اسمبلی

اور میں بارہا کہہ چکے ہیں کہ مذاکرات کیلئے دروازے کھلے ہیں۔ بدھ کو پارلیمنٹ ہاؤس میں ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں نے اور وزیراعظم نے بارہا اپوزیشن کو کہا ہے کہ مذاکرات کیلئے دروازے کھلے ہیں جس کے جواب میں یہ کہا گیا کہ ہم آرمی چیف فیلڈ مارشل سے بات چیت کرنا چاہتے ہیں۔

بقیہ 11 — ترکمانستان جائینگے

کریں گے ان کے ہمراہ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ اور اعلیٰ حکام بھی ہوں گے وزیراعظم ترکمانستان کے صدر سردار بردی محمدوف سمیت فورم میں شرکت کرنے والے دیگر عالمی رہنماؤں سے بھی ملاقاتیں کریں گے۔

بقیہ 12 — شاہ محمود قریشی

کوٹ لکھپت جیل میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ وکیل رانا مدثر نے بتایا کہ شاہ محمود قریشی پتے کی سرجری کیلئے پی کے ایل آئی اسپتال میں زیر علاج تھے تاہم اب طبیعت میں بہتری کے بعد انہیں اسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا ہے۔ شاہ محمود قریشی کے ٹیسٹ کئے گئے ہیں جن کی رپورٹس 15 روز میں آئے گی۔ واضح رہے کہ شاہ محمود قریشی 9 مئی کے مقدمات میں کوٹ لکھپت جیل میں قید ہیں۔

بقیہ 13 — ترقیاتی بینک

مالی سال کی آخری سہ ماہی میں گروتھ ریٹ 5.7 فیصد ریکارڈ کیا گیا۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ بڑی صنعتوں کی پیداوار میں تیزی آئی۔ اور رواں مالی سال میں بھی مضبوط بہتری متوقع ہے۔ 2025-26 کی گروتھ میں بھی بہتری اور کاروباری ماحول سازگار قرار دیا گیا۔

بقیہ 14 — غور شروع

سے وزیراعظم کے کوآرڈی نیٹر اختیار ولی نے کہا کہ یہ چاہتے ہیں قیدی کو اڈیالہ سے منتقل کر دیا جائے اور حکومت بھی سنجیدگی سے اس پر غور کر رہی ہے۔ اختیار ولی نے الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی کا منشیات کے اسمگلروں سے گٹھ جوڑ ہے، وزیراعلیٰ کی پرفارمنس زیرو نہیں مائنس ہے۔

بقیہ 15 — سپریم کورٹ

کیا گیا جس کے مطابق سپریم کورٹ نے ڈی لسٹ ہونے مقدمات سے متعلق پالیسی تشکیل دے دی۔ ڈی لسٹ ہونے والے مقدمات اسی روز دستیاب بنچ کے سامنے سماعت کے لئے مقرر کئے جائیں گے، دستیاب بنچ ڈی لسٹ ہونے والے مقدمات کی ساڑھے 11 بجے کے بعد سماعت کریں گے۔ اگر ڈی لسٹ مقدمہ دستیاب بنچ کے سامنے مقرر نہ کیا جا سکا تو اس کو آئندہ ہفتے کیلئے مقرر کیا جائے گا۔

بقیہ 16 — بیرسٹر گوہر

میں سے ایک مائنس کرو تو ایک رہ جائے گا، اگر ایک مائنس ہوا تو اس کے بعد ایک بھی باقی نہیں رہے گا۔ خان صاحب کی بہنوں پر واٹر کینن کا استعمال کیا گیا، "Enough is enough" انہوں نے کہا کہ عمران خان سے ملاقاتوں کی اجازت نہیں ہے جو ملاقاتوں کے لیے آتا ہے اس پر واٹر کینن کا استعمال کیا جاتا ہے، اگر وہ دو گھنٹے تک اور بیٹھے رہتے تو ملک اور قوم کو کیا نقصان ہو جاتا۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ آپ یہ بہانہ لگا رہے ہیں کہ خان کی ٹویٹ کی وجہ سے ملاقات نہیں ہو رہی، کیا بشریٰ بی بی کی فیملی پریس کانفرنس کر رہی ہے ان کی ملاقاتیں کیوں نہیں کروا رہے؟ انہوں نے کہا ہے کہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس سے کچھ نہیں ہوگا لیکن پھر ایسا ہوگا جو کسی کے کنٹرول میں نہیں ہوگا، ہم سسٹم کا حصہ اسلئے ہیں تاکہ ملک میں جمہوریت برقرار رہے، ہم اس وقت تین کروڑ عوام کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے مزید کہا ہے کہ گزشتہ روز صوبائی اسمبلی میں ایک قرارداد منظور ہوئی ہے، آپ اس مرتبہ فیڈریشن کے یونٹس کو ایک دوسرے کے خلاف کھڑا کر رہے ہیں، آپ پی ٹی آئی پر کیا پابندی لگانے جا رہے ہیں؟ ابھی تک تو آپ نے سرٹیفکیٹ ہی نہیں قبول کیا، اگر یہی حالات رہے تو مہینے میں بھی حالات آپ کے کنٹرول میں نہیں آئیں گے۔

بقیہ 17 — تعاون کا معاہدہ

اور برطانیہ کئی سالوں سے تعاون کر رہے ہیں، پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں کے بہت برے اثرات سے متاثر ہو رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 4700 افراد سیلابوں میں جاں بحق ہو چکے ہیں جبکہ 17 ہزار افراد زخمی یا معذور ہوئے، سیلابوں سے 40 ملین افراد بے گھر ہوئے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ سیلابوں سے جو نقصان ہوا ہے وہ ہمارے جی ڈی پی کا بہت بڑا حصہ ہے، پاکستان اور برطانیہ موسمیاتی تبدیلی کے شعبے میں تعاون کر رہے ہیں۔

بقیہ 18 — فضل الرحمان

باہر پرامن آئینی احتجاج پر تشدد افسوسناک ہے۔ اپنے بیان میں مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ جیل میں قید کسی بھی شخص سے ملاقات اس کے ورثاء کا آئینی حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹرین اور اپوزیشن رہنماؤں پر تشدد آمریت کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوری روایات کا مذاق اڑایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کا احترام مشرقی واسلامی روایات کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ رات خواتین پر تشدد نے مرحومہ کلثوم نواز صاحبہ پر تشدد کی یاد تازہ کر دی۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال انتشار اور تصادم کی طرف بڑھ رہی ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ ملکی معیشت اور حالات اس کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ دریں اثناء علمائے اسلام کے سیکرٹری جنرل رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج لگانا دانشمندانہ فیصلہ نہیں ہوگا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج کی باتیں چل رہی ہیں، صوبہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج لگانا دانشمندانہ فیصلہ نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آئین اور قانون میں ترامیم قومی اور ملکی مفاد میں کی جاتی ہیں

بقیہ 19 — آئی جی ایف سی

نے دورے کے دوران سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لیا ژوب بازار میں مقامی شہریوں کے ساتھ گھل مل گئے اور دکانداروں سے ان کے مسائل سنے۔ عوام نے پاک فوج اور ایف سی بلوچستان کی امن و استحکام کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو سراہا۔ لوگوں نے آئی جی ایف سی کو اپنے درمیان پا کر خوشی کا اظہار کیا۔ یہ دورہ عوام کے ساتھ قریبی تعلق اور بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے عزم کی عملی مثال ہے۔

بقیہ 20 — حکم نامہ جاری

قابل سماعت قرار دینے کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔ بدھ کو چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کی سربراہی میں 2 رکنی بنچ نے تحریری حکم جاری کیا ہے۔ تحریری حکم نامے کے مطابق درخواست کے قابل سماعت ہونے پر سرکاری وکلا، عدالتی معاون اور درخواست گزار کو سنا گیا۔

بقیہ 21 — پی ٹی آئی

ہے۔ تحریک میں الزام لگایا گیا ہے کہ ایس ایچ او تھانہ اڈیالہ نے ارکان اسمبلی کے ساتھ توہین آمیز سلوک کیا اور ایس ایچ او کی ایما پر ارکان اسمبلی کی گاڑی کو بھی نقصان پہنچایا گیا۔ تحریک استحقاق میں کہا گیا ہے کہ بطور ارکان قومی اسمبلی ان کے استحقاق کو مجروح کیا گیا ہے اور مطالبہ کیا گیا ہے کہ ایس ایچ او کو پارلیمانی کمیٹی کے سامنے جوابدہ بنایا جائے۔ اس تحریک پر چار ارکان اسمبلی کے دستخط موجود ہیں۔ اعجاز خان کی رپورٹ کے مطابق، ارکان اسمبلی نے اس واقعے کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے قانونی اور پارلیمانی کارروائی کے ذریعے اس کا ازالہ کرنے کا عزم ظاہر کیا ہے۔

بقیہ 22 — رابطے کا فیصلہ

کیا ہے۔ ذرائع اپوزیشن اتحاد کے مطابق پیپلز پارٹی سے رابطہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے پلیٹ فارم سے ہوگا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پیپلز پارٹی کو 2 روزہ قومی کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی جائیگی۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگ ن کو قومی کانفرنس میں دعوت نہیں دی جا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق قومی کانفرنس میں سیاسی ڈائیلاگ کا راستہ نکالنے پر غور ہوگا، ذرائع اپوزیشن اتحاد کے مطابق حکومت کے مذاکرات کے لیے محمود اچکزئی سمیت سیاسی رفقا کی بانی سے ملاقات کرانا ہوگی۔

بقیہ 23 — نوٹیفکیشن جاری

منظوری سے مختلف اضلاع میں تعینات سیشن ججز کے تبادلے فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے۔ اعلامیہ کے مطابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج پکلاک ناصر خان یوسفزئی کو رجسٹرار (B-22) بلوچستان ہائی کورٹ تعینات کر دیا گیا جبکہ رجسٹرار بلوچستان ہائیکورٹ عبدالقیوم لہڑی کا تبادلہ کرکے انہیں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج بارکھان تعینات کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج خاران ظفر اللہ بازئی کو تبدیل کرکے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سریاب تعینات کیا گیا۔

بقیہ 24 — ڈاکٹر وردہ

روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا جبکہ صوبے کے مختلف حصوں میں اس بہیمانہ قتل کے خلاف عوامی احتجاج جاری رہا۔ عدالت میں مرکزی ملزمہ ردا کے شوہر وحید بٹ اور دو گرفتار افراد کو پیش کیا گیا، جہاں عدالت نے انہیں پولیس کے حوالے کرنے کا حکم دیا۔ عوامی غم و غصے کے پیش نظر کسی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کیلئے ضلعی انتظامیہ نے شہر میں ملزم خاندان کی ملکیت تمام کپڑوں کی دکانیں سیل کر دیں۔

بقیہ 25 — گورنر بلوچستان

کے عوام کی دیانت، ایمانداری اور لگن کے ساتھ خدمت کرنے کی مخصوص ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ سول سروس کیریئر میں بہتر سروس ٹریننگ کا کلیدی کردار ہے جو نہ صرف آپکی مہارت، علم اور طرز حکمرانی کی تشکیل کیلئے اہم ہے بلکہ یہ سرکاری افسران کے طور پر آپ کے روشن مستقبل کی بنیاد بھی رکھتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان سول سروس اکیڈمی کے زیر تربیت افسران سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان کلیم اللہ بابر، ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر حفیظ جمالی اور ڈاکٹر شبانہ سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ دریں اثناء گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے گورنر ہاؤس میں بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے قائمقام چیئرمین غلام علی بلوچ سے بات چیت کرتے ہوئے کہا گورنر نے کہا کہ یونیورسٹیز اور اسکولوں کے درمیان باہمی ربط ایک مضبوط تعلیمی نظام کا سنگ بنیاد ہے۔ جس طرح اسکولوں کے طلبا وقت کے ساتھ یونیورسٹیز تک پہنچ جاتے ہیں اور اپنے ساتھ علم اور ہنر کی بنیاد لاتے ہیں۔ اسی طرح یونیورسٹیز چھوٹے تعلیمی اداروں کو قابل اساتذہ فراہم کرتی ہیں جو جدید تدریسی تکنیکوں، نئے خیالات اور مضامین کی مہارت سے لیس ہیں۔

بقیہ 26 — کمانڈر 12 کور

سے نہایت جامع اور کھلے انداز میں گفتگو کی گئی۔ نشست کے دوران طلبا نے کمانڈر 12 کور سے مختلف اہم موضوعات جیسے تعلیم، روزگار، امن و امان، نوجوانوں کی قومی ذمہ داریاں اور ریاستی سطح پر جاری ترقیاتی اقدامات سے متعلق سوالات کیے جن کے مدلل، واضح اور تسلی بخش جوابات دیے گئے۔ کمانڈر 12 کور نے نوجوانوں پر زور دیا کہ بلوچستان کی ترقی، پاکستان کی مضبوطی اور معاشرتی استحکام براہ راست نوجوانوں کی مثبت سوچ، محنت اور نظم و ضبط سے جڑا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان بے پناہ قابلیت رکھتے ہیں اور پاک فوج سمیت ریاستی ادارے ان کی تعلیم، ہنرمندی اور روشن مستقبل کے لیے ہر ممکن مواقع فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ نوجوانوں کو قومی دھارے میں شامل کرنے کے لیے مختلف پروگرامز، کیریئر گائیڈنس سیشنز، اسکلز ٹریننگ اور ترقیاتی منصوبے جاری ہیں۔

بقیہ 27 — علی امین گنڈاپور

سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ جوڈیشل مجسٹریٹ مبشر حسن نے کیس پر سماعت کی، دوران سماعت پولیس کا حکمنامہ سامنے آ گیا جس میں عدالت نے قرار دیا کہ علی امین گنڈاپور متعدد بار طلبی کے باوجود عدالت میں پیش نہیں ہو رہے۔

بقیہ 28 — جرمنی پروپاگا

کو اپنے ملک منتقل کرے جو پاکستان میں پھنسے ہوئے ہیں اور جنہیں برلن کی جانب سے پناہ دیے جانے کا وعدہ کیا گیا تھا۔

بقیہ 29 — آصفہ بھٹو

ولادو نوٹس رونٹیلیے قومی اسمبلی کا سیشن موخر کرنے کی ہدایات دی گئیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے ایک اہم بیان میں ان کا کہنا تھا کہ قائم مقام اسپیکر کے رویے پر انتہائی مایوسی ہوئی ہے، کورم موجود ہونے کے باوجود بار بار اجلاس معطل کرنا پارلیمانی نظام کا مذاق بنانے کے مترادف ہے۔

بقیہ 30 — چیئرمین ایف بی آر

جاری کریک ڈاؤن اور ٹیکس چوروں کے خلاف کارروائیوں کی یومیہ رپورٹ مرتب ہو رہی ہے۔ میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال نے کہا پہلے ٹیکس والی چینی اور بغیر ٹیکس والی چینی کا ریٹ الگ الگ تھا، اب بغیر ٹیکس والی چینی کا اسٹاک رکھنے والے کا نام بتائے، ایسے افراد کے خلاف سخت ترین کارروائی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ایک سال میں شوگر انڈسٹری سے جمع سیلز ٹیکس میں 40 ارب روپے کا اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس چوروں کے خلاف ایک چیف کمشنر انفورسمنٹ مقرر کر دیا گیا ہے، ٹیکس چوروں کے خلاف ملک بھر میں کارروائیاں چیف کمشنر کے ماتحت ہوں گی۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ اسمگلنگ کے سامان کی ترسیل روکنے کے لیے سخت کارروائیاں ہو رہی ہیں، اسمگلرز نے کسٹم حکام کو نقصان پہنچایا۔

بقیہ 31 — کریک ڈاؤن

کو بے نقاب کرتی ہیں، پارلیمانی لیڈر شاہد خٹک واقعے میں زخمی ہوئے۔ اڈیالہ جیل کا علاقہ حساس ہے، قیدیوں سے رات کو عدالتی احکامات کے بغیر ملاقات کی اجازت نہیں، راولپنڈی پولیس کا کہنا ہے کہ اڈیالہ جیل کا علاقہ حساس اور گنجان آباد ہے، قیدیوں سے رات کو عدالتی احکامات کے بغیر ملاقات کی اجازت نہیں۔

بقیہ 32 — فاروق ستار

ریاست کے اندر ایک ریاست قائم کی گئی۔ کراچی میں اپوزیشن لیڈر سندھ اسمبلی علی خورشیدی اور دیگر پارٹی رہنماؤں کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے فاروق ستار کا کہنا تھا کہ سرکاری اور نجی املاک کو نقصان پہنچایا گیا۔

بقیہ 33 — تاجروں کو مشکلات

کے مطابق افغان برآمدات و درآمدات کیلئے کراچی بندرگاہ تیز اور کم خرچ راستہ ہے، کابل سے کراچی تک مال کی ترسیل 3 سے 4 دن میں ہوتی ہے، کابل سے کراچی تک ایک کنٹینر کی اوسط لاگت تقریباً 2 ہزار ڈالر ہے۔

بقیہ 34 — سورج گرہن

۔ یہ غیر معمولی فلکیاتی نظارہ 2 اگست 2027 کو بروز پیر شام 10 بج کر 6 منٹ پر یونیورسل ٹائم کے مطابق شروع ہوگا۔

بقیہ 35 — ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل

کا حکم دے دیا ہے، جس پر ضلعی انتظامیہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے چھ مرکزی ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے جبکہ مزید دو ملزمان کی نشاندہی مکمل کر لی گئی ہے جنہیں جلد گرفتار کرلیا جائے گا۔ حکام کا کہنا ہے کہ کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور ایسے غیر انسانی اقدامات کے خلاف ریاستی رٹ کو یقینی بنایا جائے گا

بقیہ 36 — وندے

ایک اللہ کی عبادت کرتا ہے اور اس عبادت میں کسی دوسرے کو شریک نہیں کر سکتا۔ سوشل میڈیا پر جاری بیان میں جمعیت علمائے ہند کے صدر مولانا ارشد مدنی کا کہنا تھا کہ ہمیں کسی کے وندے ماترم پڑھنے اور گانے پر اعتراض نہیں مگر ہم یہ بات ایک بار پھر واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ مسلمان ایک اللہ کی عبادت کرتا ہے اور اپنی اس عبادت میں کسی دوسرے کو شریک نہیں کر سکتا۔

بقیہ 37 — پتنگ بازی

ایڈووکیٹ جنرل انوار حسین پیش ہوئے۔ عدالت نے آرڈیننس پر مکمل درآمد روکنے کی استدعا مسترد کر دی۔ جسٹس ملک اویس خالد نے کہا کہ لوگوں کی جانوں کی سیفٹی بہت ضروری ہے

بقیہ 38 — امدادی سامان

سامان کی روانگی وزیراعظم کے معاون خصوصی طلحہ برکی نے اپنی قیادت میں این ڈی ایم اے کے زیر انتظام مکمل کرائی۔

بقیہ 39 — افغان علما

اجلاس ہوا جس میں عسکریت پسندی کے لیے سرحد عبور کرنے پر زور دیا، ذرائع نے طلوع نیوز کو تصدیق کی ہے کہ افغانستان کے دارالحکومت کابل میں ہونے والے اس اہم اجلاس میں علما اور مشائخ کا کہنا تھا کہ اپنے حقوق، اقتدار اور شرعی نظام کا دفاع ہر فرد پر فرض اجلاس میں اسلامی امارت سے بھی مطالبہ کیا گیا کہ امارت اسلامی افغانستان کے رہبر کے حکم کی روشنی میں کسی کو بھی بیرون ملک عسکری سرگرمیوں کے لیے جانے کی اجازت نہ دی۔ اجلاس میں اس فیصلے پر بھی زور دیا گیا

بقیہ 40 — مولانا عبدالقادر لونی

کو سیاسی فہم و فراست اور تدبر سے حل کرنے کی متقاضی ہے مسائل کا حل طاقت سے ممکن نہیں آپریشنز ملک میں دہشت گردی میں فروغ کا باعث بنا ہے امن کی بجائے تباہی کے دہانے کی طرف لے گیا ہے انہوں نے کہا کہ حکمران ملک کی امن و ترقی اور معیشت کی مضبوطی واستحکام چاہتے ہیں تو مذاکرات کے عمل کو آگے بڑھائیں حکمرانوں کی امتیازی سلوک اور ناانصافیوں سے، ریاست کی رٹ کو چیلنج ہو رہی ہے دہشت گردی سے پہلے ناانصافیاں ملک کی امن وترقی میں رکاوٹ ہیں انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سنجیدگی کی ضرورت ہے جابرانہ وظالمانہ پالیسیوں سے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے اور عام عوام سراپا احتجاج پر ہیں۔ جنگ کا اختتام مذاکرات کی میز پر ہی ہوتا ہے طاقت کا استعمال مسئلے کا حل نہیں ہے

بقیہ 41 — ارشد یوسفزئی

شامل تھیں کیمپ میں مختلف امراض کیلئے ٹیسٹ اور ادویات کی سہولت مفت فراہم کی گئی۔ اس موقع پر ارشد یوسفزئی نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی خدمت ہی ہمارا مقصد ہے اور اسی مقصد کیلئے بلدیاتی انتخابات میں حصہ لے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد اقتدار کا حصول نہیں صرف اور صرف بے لوث عوام کی خدمت کے جذبے سے سرشار ہیں۔ اقتدار میں نہ ہونے کے باوجود بھی عوام کی خدمت کیلئے دن رات کوشاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن کی خدمت ملک بھر سمیت دنیا بھر کے مستحق اور ضرورت مند انسانوں کیلئے ہیں اس بات کی گواہی ہمارے مخالفین بھی دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ بھی عوام کی خدمت کا سلسلہ جاری رہیگا۔ عوام کی تعداد بڑھ جانے کی وجہ سے آج بھی کیمپ کا انعقاد کیا جائیگا

بقیہ 42 — ڈی سی کوئٹہ

فنگ دی گئی۔ اجلاس کے دوران پولنگ اسٹیشنز، پولنگ بوتھ، حساس پولنگ اسٹیشنز اور ان کی سکیورٹی سے متعلق جامع حکمت عملی پر غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے تمام ریٹرننگ آفیسران کو ہدایات جاری کیں کہ تمام پولنگ اسٹیشنز کا مکمل معائنہ کیا جائے۔ وہاں بجلی، پانی، روشنی اور دیگر ضروری سہولیات کی فوری فراہمی یقینی بنائی جائے۔ تمام پولنگ اسٹیشنز کو مناسب سیکورٹی جبکہ حساس پولنگ اسٹیشنز کو فول پروف سیکورٹی فراہم کی جائے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صاف، شفاف اور پرامن الیکشن کا انعقاد ایک اہم قومی ذمہ داری ہے۔ ضلعی انتظامیہ اور تمام متعلقہ ادارے حکومت کی ہدایات کے مطابق پرامن ماحول میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے پوری طرح متحرک اور کوشاں ہیں۔

بقیہ 43 — نوابزادہ گرام بگٹی

پارٹی کی صفوں میں انتشار پیدا نہیں کر سکتے۔ جمہوری وطن پارٹی ہمیشہ اپنے مخلص، نظریاتی اور محنتی کارکنان کی عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور ان کے حقوق اور مقام کے تحفظ کے لیے ہر محاذ پر کھڑی ہے۔ نوابزادہ گرام بگٹی نے کہا کہ پارٹی کا مستقبل نوجوانوں، محب وطن کارکنان اور نظریاتی قوت کے ہاتھ میں ہے، اور جمہوری وطن پارٹی اپنی اسی نظریاتی بنیاد اور عوامی خدمت کے سفر کو مزید مضبوط کرے گی۔

بقیہ 44 — کارروائیوں کا فیصلہ

موجودہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اجلاس میں بریفنگ دی گئی کہ صوبے کے مختلف اضلاع میں غیر قانونی پٹرول اور ڈیزل کی فروخت کے باعث نہ صرف سرکاری محصولات کو نقصان پہنچ رہا ہے بلکہ اس غیر منظم کاروبار سے صوبے میں حادثات اور سیکیورٹی خدشات میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ محکمہ دھماکہ خیز مواد ایکسپلوسوز نے بتایا کہ بعض مقامات پر غیر معیاری اور غیر قانونی اسٹوریج کے باعث عوام کی جان و مال کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ اس سلسلے میں اجلاس نے اتفاق رائے سے فیصلہ کیا کہ تمام ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز فوری طور پر اپنے متعلقہ علاقوں میں موجود غیر قانونی فیول پمپس، غیر رجسٹرڈ فروخت مراکز اور ذخیرہ گاہوں کے خلاف موثر کارروائی شروع کریں۔

بقیہ 45 — او آئی سی سی آئی

باری اعتماد 7 سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکا ہے، بزنس کانفیڈنس انڈیکس 11 پوائنٹس سے بڑھ کر 22 فیصد تک ہو گیا۔ سروے رپورٹ کے مطابق سروسز سیکٹر 24 فیصد اضافہ کے ساتھ سرفہرست، ریٹیل اور مینوفیکچرنگ کے شعبہ جات میں بھی بہتری ریکارڈ ہوئی ہے۔ بڑے شہروں میں کاروباری اعتماد 14 فیصد سے 23 فیصد تک جبکہ چھوٹے شہروں اور دیہی علاقوں میں منفی 3 فیصد سے 19 فیصد تک بڑھا ہے۔ او آئی سی سی آئی کے ارکان نے حالیہ سروے میں کاروباری اعتماد میں 17 فیصد سے 27 فیصد تک اضافہ رپورٹ کیا، سرمایہ کاری کے انڈیکس میں منفی چار سے 12 فیصد تک کا اضافہ ہوا جو پاکستان میں کاروباری سرگرمیوں اور سرمایہ کاری کے مثبت رجحان کا عندیہ ہے

بقیہ 46 — میر اسد اللہ بلوچ

یعقوب ساسولی، حافظ علی نواز ملازئی، بکر بجرک ملازئی سے دوران ملاقات میں کی ملاقات میں موجودہ سیاسی صورتحال اور خاران میں پارٹی کی تنظیم سازی اور دیگر حوالے سے سیر حاصل گفتگو ہوئی میر اسد اللہ بلوچ نے کہا کہ اقتدار ہماری منزل نہیں لیکن بلوچستان کے مظلوم عوام کے حقوق کی جنگ ہر فورم پر اٹھائیں گے بی این پی عوامی ہمیشہ سے بلوچستان کے حقوق کی خاطر ہر فورم پر آواز بلند کی ہے اور ہمیں حقوق کی آواز سے کوئی دستبردار نہیں کر سکتا کیوں بی این پی عوامی بلوچستان کی ایک محترک آواز بن گئی ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی امیدیں بی این پی عوامی سے ہیں

بقیہ 47 — قاری مہراللہ

میں نہ نکلے جمعیت نظریاتی کی بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے جن تحفظات اور خدشات کا اظہار کیا حکومت نے وہی تحفظات اور خدشات کو الیکشن کمیشن کو پیش کی۔ عوام کی خون اتنا سستا نہیں کہ سیاسی جماعتیں ایک کونسلر کے لیے نذر کرے۔ بلدیاتی انتخابات کی انعقاد سے محض قومی خزانہ کا ضیاع ہے بہت سے وارڈوں میں سیاسی جماعتوں کی عدم دلچسپی سے کئی وارڈوں میں کونسلر بلامقابلہ منتخب ہوئے۔ بدامنی کی حوالے کئی حساس پولنگ سٹیشنوں اور حساس مقامات پر انتخابات ممکن نہیں۔ جگہ جگہ ایف سی کی چوکیاں اور نیٹ ورک کی بندش اور سردی کی موسم میں انتخابات کا فیصلہ دانشمندی نہیں سردی کی موسم میں اکثر ووٹرز گھروں سے نہیں نکل رہی ہے۔ کوئٹہ میں بار بار بلدیاتی انتخابات کو بدامنی کی وجہ سے ملتوی کیا گیا تھا اور آج بدامنی کے حالات ماضی سے زیادہ خراب ہو چکی ہے

بقیہ 48 — عبدالخالق ہزارہ

جرات اور صلاحیت بھی نہیں کہ وہ کسی معمولی مسئلے کے حل کیلئے کوئی قدم اٹھا سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلدیاتی انتخابات کے عوامی رابطہ کے دوران زرغون ٹاؤن میں پارٹی کے نامزد کونسلروں کی حمایت میں طلب کردہ مختلف کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا جبکہ اس دوران چلتن ٹاؤن میں بھی کئی کارنر میٹنگز منعقد ہوئے جس سے پارٹی کے جنرل سیکرٹری احمد علی کوہزادہ، عزیز اللہ ہزارہ، محمد رضا ہزارہ، قادر علی نائل، نامزد کونسلروں نے بھی خطاب کیا رہنماؤں نے کہا کہ آج کوئٹہ شہر کی بری حالت بنا کر رکھ دی گئی ہے پورا سسٹم ٹھیکیداری کی بنیاد پر چلائی جا رہی ہے بیڈ گورننس کی وجہ سے ہر طرف اور ہر شعبہ تباہی کی مثال بنی ہوئی ہے۔

بقیہ 49 — اٹھا کر احتجاج

بھی کال کریں کوئی جواب آئے تو بتا دیں۔ وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ رکن قومی اسمبلی کے سوال کا جواب تفصیلی دیا گیا ہے، ابھی میں جا کر ٹال فری نمبر پر بھی کال کر لیتے ہیں، یہ جو یہاں تقریر کر رہے ہیں یہ سیاسی ہے۔ پینل آف چیئر علی زاہد نے آغا رفیع اللہ اور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری کو لابی میں بیٹھ کر معاملات حل کرنے کی ہدایت کر دی۔ اس دوران پی ٹی آئی اراکین نے ایوان میں پہنچ گئے، اراکین نے بانی پی ٹی آئی کی تصاویر اٹھا کر احتجاج کیا، اپوزیشن اراکین نے ایوان میں نعرے بازی کی۔ اپوزیشن اراکین نے نقطہ اعتراض مانگ لیا، پینل آف چیئر نے وقفہ سوالات کے دوران نقطہ اعتراض دینے سے معذرت کرلی اور کہا کہ وقفہ سوالات میں نقطہ اعتراض نہیں دیا جائے گا

بقیہ 50 — ہسپتال منتقل

مینگل کو ذبح شدہ حالت میں پایا گیا دونوں کے گلے تیز دھار آلے سے کاٹے گئے تھے واقعے کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او تھانہ قلات عبدالمجید ریکسانی اپنی ٹیم کے ہمراہ موقع پر پہنچ کر دونوں زخمی بھائیوں کو فوری طور پر سول اسپتال قلات منتقل کر دیا اسپتال پہنچتے ہی ایم ایس ڈاکٹر نصراللہ لانگو نے ایمرجنسی نافذ کرتے ہوئے تمام اسٹاف کو ہائی الرٹ کر دیا سرجن ڈاکٹرز نے فوری طبی امداد فراہم کی جبکہ لیبارٹری انچارج مجیب اللہ نے بروقت خون کا بندوبست کیا۔

بقیہ 51 — ڈاکٹر ربابہ بلیدی

تین، طالبات اور ورکرز کو سہولت ملے گی بلکہ اس اقدام سے خواتین کے اعتماد میں اضافہ ہوگا اور انہیں شہر کے مختلف مقامات تک بہتر رسائی حاصل ہو سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ بلوچستان میں خواتین کی ترقی اور سہولیات کے فروغ کی جانب ایک اہم قدم ہے، جو اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ صوبائی حکومت خواتین کی فلاح، بااختیاری اور تحفظ کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے امید ظاہر کی کہ پنک بس سروس کا دائرہ کار صوبے کے مزید علاقوں تک بڑھایا جائے گا تاکہ زیادہ سے زیادہ خواتین اور عام شہری جدید سفری سہولیات سے مستفید ہو سکیں۔

بقیہ 52 — روز بھی جاری رہی

کرنے لگے گی ٹرانسپورٹرز کے مطالبات جلد سے جلد تسلیم کیے جائیں بصورت دیگر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال مزید شدت اختیار کرے گی اور یہ ہڑتال غیر معینہ مدت کے لیے اعلان شدہ ہے جب تک ٹرانسپورٹرز کے مطالبات نہیں مانے جاتے تب تک یہ ہڑتال جاری رہے گا۔

بقیہ 53 — حمایت کا اعلان

کر بھی موجود تھے۔ اس موقع پر پارٹی نے 22 پولنگ سٹیشنز پر بے یو آئی کے امیدوار مولانا سیف الدین کی مکمل حمایت کا اعلان کیا۔ اور ضلع قلعہ سیف اللہ کے ضلعی صدر اور پارٹی کے تمام اداروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ جمیت علماء اسلام کے ضلعی تنظیم سے رابطہ کرکے باہمی مشاورت سے مشترکہ حکمت عملی کے تحت الیکشن مہم چلائیں۔

بقیہ 54 — مولانا عبدالواسع

کی کوشش کی جا رہی ہے۔ عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکا کسی صورت قبول نہیں ہے۔ مولانا عبدالواسع نے کہا کہ حکومتی مشینری صرف عہدوں اور مفادات کے وقت متحرک ہوتی ہے، لیکن اگر کسی بھی غیر قانونی، غیر منصفانہ یا مشکوک اقدام کی کوشش کی گئی تو جے یو آئی کے کارکن مضبوط دیوار بن کر سامنے آئیں گے اور عوامی حق رائے دہی کے تحفظ کے لیے بھرپور مزاحمت کریں گے۔

بقیہ 55 — پاکستان

کہا کہ اقوام متحدہ کی قراردادیں واضح کرتی ہیں کہ کشمیر کی کسی بھی اسمبلی کا فیصلہ حق خود ارادیت کے بغیر قابل قبول نہیں ہو سکتا، یہی قراردادیں کشمیری عوام کے حقوق اور جدوجہد کو مزید تقویت دیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان عالمی فورمز پر مسلسل کشمیر کے مسئلے کو اجاگر کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے کمشنر اور انسانی حقوق کونسل نے مقبوضہ کشمیر میں ہونے والی سنگین انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی تفصیلی رپورٹس جاری کی ہیں، جو اقوام متحدہ کی ویب سائٹ پر موجود ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے زور دیا کہ حق خود ارادیت اقوام متحدہ کے قیام کے بنیادی مقاصد میں شامل ہے۔ اور کشمیر کا مسئلہ سیاسی ہونے کے ساتھ ساتھ انسانی حقوق کا بھی سنگین مسئلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہر بین الاقوامی فورم پر اس مسئلے کو پوری قوت سے اٹھاتا رہے گا تاکہ کشمیری عوام اپنے جائز حق تک پہنچ سکیں۔

بقیہ 56 — حمزہ شفقات

جائزے کو مزید موثر بنانے کے لیے مختلف اہم نکات پر غور کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ترمیمی رولز کا مقصد تفتیشی عمل، پراسیکیوشن، انٹیلی جنس کوآرڈی نیشن اور آپریشنل طریقہ کار کو جدید ضروریات کے مطابق ہم آہنگ کرنا ہے تاکہ دہشتگردی کے بدلتے ہوئے چیلنجز کا موثر طریقے سے مقابلہ کیا جا سکے۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری ہوم محمد حمزہ شفقات نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں امن وامان برقرار رکھنے کے لیے مضبوط قانونی فریم ورک ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسداد دہشت گردی کے قوانین کو تقویت دینا وقت کی اہم ضرورت ہے اور مجوزہ رولز اس سلسلے میں اہم سنگ میل ثابت ہوں گے۔ اجلاس کے دوران مختلف محکموں نے اپنی سفارشات پیش کیں

بقیہ 57 — سینیٹر محمد عبدالقادر

تعاون کو فروغ دینے پر توجہ مرکوز رکھی جائے گی۔ ترکمانستان اپنے قدرتی گیس و توانائی کے وسائل کی وجہ سے خطے میں اہم ہے خطے کی توانائی اور قدرتی وسائل پر اشتراک اور ممکنہ سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کرنا ضروری ہے۔ وسطی ایشیا اور جنوبی ایشیا کو جوڑنے کے تناظر میں علاقائی کنیکٹیویٹی اور ٹرانزٹ روابط کو آگے بڑھانا اہمیت کا حامل ہوگا دو طرفہ سیاست اور سفارتی تعلقات کو مستحکم کیا جائے تاکہ خطے میں خوشگوار اور باہمی اعتماد کی فضا قائم ہو سکے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ موجودہ دورہ دو طرفہ تعلقات کے تسلسل کی ایک کڑی ہے اور تعلقات کو نئی جہت دینے کی کوشش ہے۔ ترکمانستان اگر توانائی یا قدرتی گیس کی صلاحیتوں کو بروئے کار لائے تو پاکستان توانائی بحران کے حل کے قریب جا سکتا ہے

بقیہ 58 — قائمہ کمیٹی

ٹیکسوں پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان اداروں نے غلط طور پر موبائل فونز کو لگژری آئٹم میں شامل کر رکھا ہے۔ چیئرمین نے ایف بی آر اور ٹیکس پالیسی آفس کو ہدایت کی کہ وہ ڈیجیٹل سامان اور رجسٹریشن اسکیم کے تحت موبائل فونز کی آمد پر موجودہ ٹیکس شرح کا از سر نو جائزہ لیں۔ نوید قمر نے کہا کہ یہ رپورٹ مارچ 2026 تک تیار ہونی چاہیے تاکہ بجٹ سے قبل اس معاملے کا جامع جائزہ لیا جا سکے۔ ایم این اے قاسم گیلانی نے موبائل فونز پر بھاری ٹیکسوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اگر فون کھو جائے یا چوری ہو جائے تو صارفین کو دوبارہ ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ اسمارٹ فونز پہلے ہی بہت مہنگے ہیں، یہاں تک کہ پرانے آئی فون 6 ماڈل پر 35 ہزار روپے اور آئی فون 12 کی درآمد پر ایک لاکھ روپے تک ٹیکس لیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگ اسمارٹ فونز کو کانٹینٹ کریئشن، ویڈیو ایڈیٹنگ اور ای کامرس کے لیے استعمال کر رہے ہیں، اس لیے یہ روزگار کا ذریعہ بھی ہیں۔ رکن قومی اسمبلی شرمیلا فاروقی نے کہا کہ نیا آئی فون 3 لاکھ 50 ہزار روپے کا ہے، جس پر ایک لاکھ 90 ہزار روپے کا اضافی ٹیکس بھی دینا پڑتا ہے۔ ایف بی آر حکام نے وضاحت کی کہ ٹیکس مخصوص ماڈلز پر نہیں بلکہ فون کی قیمت کے مطابق لگایا جاتا ہے۔ رکن قومی اسمبلی مرزا اختیار بیگ نے کہا کہ ٹیکس لگانے کے لیے واضح طریقہ کار ضروری ہے اور یہ تاثر غلط ہے کہ اسمارٹ فون صرف امیروں کے لیے ہیں۔ پی ٹی اے چیئرمین نے کمیٹی کو بتایا کہ صرف 6 فیصد آئی فونز درآمد کیے جاتے ہیں جبکہ زیادہ تر موبائل فونز مقامی طور پر تیار ہو رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگلے سال فروری یا مارچ تک 5G لائسنس جاری کر دیے جائیں گے۔ ایف بی آر چیئرمین راشد محمود لنگڑیال نے کہا کہ مجموعی طور پر اسمارٹ فونز کی قیمتیں اور ٹیکس کم ہوئے ہیں، سوائے چند بڑے برانڈز کے۔ ان کے مطابق گزشتہ مالی سال میں موبائل فونز سے 82 ارب روپے کا ٹیکس وصول کیا گیا۔ کمیٹی نے تجویز دی کہ اسمارٹ فونز کو بجٹ شیڈول میں شامل کرکے صارفین کو ریلیف دیا جائے۔

بقیہ 59 — حاجی لشکری رئیسانی

تحت انسانی حقوق کے تحفظ کے چارٹر کا اعلان ہوا اور ملکی آئین کے ابتدائی نکات میں بھی انسانی حقوق کو تحفظ حاصل ہے مگر افسوس ہمارے قومی وطن بلوچستان میں انسانی حقوق کی مسلسل پامالی ہو رہی ہے، یہاں عوام کے جان و مال کے تحفظ کی بجائے گمنام قبرستانوں کی ایک بہت بڑی داستان ہے، لوگ آج بھی لاپتہ ہیں، صوبے کے لوگوں کے اجتماعی و انفرادی ووٹ کے حق کو بھی جعلی جمہوریت کے تحت سلب کیا گیا ہے، مایوسی کا عالم یہ ہے کہ انسانی حقوق کے عالمی ادارے بھی اپنے ملکی مفادات کی پالیسی کے تحت غیر انسانی و غیر قانونی جبر پر خاموش ہیں اور جن اداروں کی ذمہ داری لوگوں کو انصاف فراہم کرنا ہے وہاں بھی افراد نے اپنے ذاتی مفادات کو ترجیح دی ہے، انہوں نے انسانی حقوق کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا کہ بلوچستان میں ایک پالیسی کے تحت افراتفری پیدا کی گئی ہے اس افراتفری، جبر و ناانصافیوں سے نکلنے کیلئے اس سرزمین کے لوگ ایک قومی ایجنڈے کے نکات کا تعین کریں۔

بقیہ 60 — نیا نظام متعارف

۔ اتھارٹی کے مطابق اس فیصلے کا مقصد تمام امارات میں یکسانیت پیدا کرنا اور عبادت گزاروں کے لیے بہتر انتظامی سہولت فراہم کرنا ہے۔ اس سے قبل دبئی اور ابوظہبی میں جمعہ کی نماز عام طور پر ڈیڑھ بجے جبکہ شارجہ اور شمالی امارات میں تقریباً سوا بارہ بجے ادا کی جاتی تھی، مگر اب پورے ملک کے لیے ایک ہی وقت مقرر کر دیا گیا ہے۔ جنرل اتھارٹی نے نمازیوں سے اپیل کی ہے کہ وہ مقررہ وقت کی پوری پابندی کریں اور نماز کو اس کے متعین کردہ وقت پر ادا کرنے کا اہتمام کریں، تاکہ خطبہ اور نماز بروقت اور منظم انداز میں ادا ہو سکیں۔

بقیہ 61 — پی ٹی آئی

پر پورٹنگ کے دوران ہونے والے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں یہ بات پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ نے بلدیاتی الیکشن کمپین کے موقع پر امیدواران اور کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے کہی کہ اس وقت عمران خان، پاکستان تحریک انصاف اور بالخصوص عمران خان کی بہنوں پر جو ظلم جاری ہے اسکی مثال نہیں ملتی، عدالت کے حکم کے باوجود بہنوں، وکلاء اور پارٹی قیادت کو عمران خان سے ملاقات نہ کرانے توہین عدالت اور توہین جمہوریت ہے جسکو مزید برداشت نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 62 — مولانا ہدایت الرحمان

ر چیئرمین پورٹ اتھارٹی نے مختلف مقامات کا وزٹ کرکے نکاسی آب سے متعلق اقدامات کا جائزہ لیا اس موقع پر کونسلر فیصل اللہ بخش، شریف میاہ داد، منیر احمد بانا، نوید محمد، اکرم فدا اور وسیم صمد سمیت علاقہ مکین بھی موجود تھے۔ قبل اس سے امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ کی خصوصی شرکت کے ساتھ گوادر فش ہاربر میں مول ہولڈرز کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت چیئرمین گوادر پورٹ نور الحق بلوچ نے کی اجلاس گوادر فش ہاربر کمرشل کمپنی پورٹ کے ہیڈ آفس میں ہوا اور اس میں مول ہولڈرز کے علاوہ گوادر پورٹ کے ڈائریکٹر آپریشن انجینئر منیر احمد بانا، فش ہاربر منی پورٹ کے آفیسرز انچارج انجینئر لیاقت بلوچ اور دیگر متعلقہ حکام نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مول ہولڈرز نے فش ہاربر مول سے متعلق مختلف مسائل پیش کیے، جن میں صفائی کے امور، چھت و فرش کی مرمت، مول ہولڈرز کے لیے دفاتر کی تعمیر اور دیگر تکنیکی و انتظامی مسائل شامل تھے۔ شرکا نے مسائل کے حل کے لیے تفصیلی گفتگو کی اور اپنی تجاویز پیش کیں۔ مشاورت کے بعد متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ جی پی اے کے ڈائریکٹر آپریشن انجینئر منیر احمد بانا کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی، جس میں گوادر فش ہاربر کے او آئی سی انجینئر لیاقت بلوچ سمیت مول ہولڈرز کے تین ممبرز بھی شامل ہوں گے۔ یہ کمیٹی مول کی صفائی اور دیگر ضروری امور کی نگرانی کرے گی۔ چیئرمین گوادر پورٹ نور الحق بلوچ نے اجلاس کو بتایا کہ فش ہاربر کی چھت اور دیگر مرمتی کاموں کا آغاز جلد کیا جائے گا۔ انہوں نے یہ بھی اعلان کیا کہ جمعۃ المبارک کے روز فش ہاربر کے ملازمین کی چھٹی ختم کر دی گئی ہے تاکہ کام کی رفتار میں رکاوٹ نہ آئے علاوہ ازیں انہوں نے زیر زمین سمندر میں موجود رکاوٹ کے مقام پر روشنی نصب کرنے اور اسے روشن رکھنے کی بھی ہدایت دی۔

بقیہ 63 — مہلت مل گئی

اختیار کیا کہ ٹیرف تعین کے وقت نیپرا کے چیئرمین کا عہدہ خالی تھا، اس لیے اتھارٹی کا اجلاس قانونی طور پر نہیں ہو سکتا تھا۔ وکیل کے مطابق چیئرمین کی عدم موجودگی میں وائس چیئرمین اجلاس نہیں بلا سکتا، جبکہ ٹیرف آرڈر پر چیئرمین کے دستخط بھی موجود نہیں ہیں۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے استفسار کیا

بقیہ 64 — رجب بٹ

ل نے کہا کہ میرا 10 سال کا ویزا تھا، میرے وکیل نے ریویو چیلنج کیا ہے۔ رجب بٹ نے کہا کہ کراچی میں دس دن کے اندر اندر عدالت میں پیش ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایگزٹ کنٹرول لسٹ میں نام صدارہ پار نہیں ہیں جب تک کیس چل رہا ہے تب تک پاکستان میں ہی ہیں۔

بقیہ 65 — پی کے نیپ

ئی عہدیداروں نے ابتدائی یونٹ سے لیکر پارٹی کے آخری اداروں تک تمام کی فعالیت تسلسل کے ساتھ جاری رکھنا ہوگا اور پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں ہر قسم کے حالات میں پارٹی تنظیم اور اصولوں کی پابندی لازمی کرنی ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار پشتونخوا نیپ کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے اور صوبائی سیکرٹری اول فقیر خوشحال کاسی نے ضلع پشین کی ضلعی ایگزیکٹو کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس کی صدارت ضلعی سیکرٹری ریاض خان نے کی

بقیہ 66 — چیف جسٹس

سے روکتی ہیں۔ چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ ٹیکنالوجی کے استعمال، ججوں کی تربیت اور ادارہ جاتی ہم آہنگی کو بہتر بنا کر عدالتی نظام کو تشکیل دیا جا رہا ہے، ایسا نظام جو بلا خوف و رعایت انصاف فراہم کرے۔ چیف جسٹس نے اپنے پیغام میں مزید کہا کہ انسانی حقوق کا تحفظ صرف عدالتوں کی نہیں بلکہ پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے، جو آئینی وژن اور قومی اقدار کا اہم حصہ ہے۔

بقیہ 67 — فیصل خان جمالی

لے عدالت کوٹ اور اسٹیڈیم تا عمرانی پیٹرولیم سروس تک بلیک ٹاپ روڈ کا معائنہ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا اور کام کو معیاری بنانے پر شاباش دی اور کہا کہ جو بھی کام ہو معیاری اور بہتر ہو سرکار بار بار ایک کام کیلئے فنڈ نہیں دے گی اپنے بہتر اور معیاری کام کو انتہائی ضروری ہو اس موقع پر ایس ڈی او بی اینڈ آر عبدالرؤف ایس ڈی او بلڈنگ عاشق علی بوہڑ نے صوبائی وزیر اور ڈپٹی کمشنر کو روڈ اور پولیس لائن کے کام کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ پولیس لائن کا کام تیزی سے جاری ہے جبکہ ایم پی اے سردار زادہ فیصل خان کی جانب سے روڈ اسکیم کا کام مکمل ہونے سے بہت فائدہ مل چکا ہے

بقیہ 68 — بخت محمد کاکڑ

کر کے ساتھ یہ مرکز عوام کو فوری اور معیاری علاج فراہم کرے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ دو اہم ترقیاتی منصوبوں ہنہ اڑک کی نئی تعمیر شدہ بلیک ٹاپ سڑک کے افتتاح اور سپنی روڈ پر زیر تعمیر ٹراما سینٹر کے معائنے کے دوران صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کی۔ بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ ہنہ اڑک اور مضافاتی علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر و بحالی سے نہ صرف مقامی آبادی کو سفری سہولت میسر آئے گی بلکہ یہ منصوبے معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے اس موقع پر محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت ترقی کے ان منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ بخت محمد کاکڑ نے مزید کہا کہ صوبائی حکومت صحت کے شعبے میں پائیدار اصلاحات کے لیے واضح حکمت عملی کے تحت کام کر رہی ہے اور مستقبل میں بھی ایسے منصوبے شامل کیے جا رہے ہیں جن سے عوام کو براہ راست فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے شہریوں کو صحت کی بنیادی و جدید سہولیات ان کی دہلیز پر مہیا کی جائیں گی بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ حکومت اجتماعی بھلائی اور وسیع تر عوامی مفاد کے تحت ایسے منصوبے جاری رکھے گی تاکہ بلوچستان کو ترقی، استحکام اور بہتر طرز حکمرانی کی جانب لے جایا جا سکے۔ وزیر صحت نے ترقیاتی منصوبوں میں دلچسپی لینے اور انہیں اجاگر کرنے پر سینئر صحافی سہیل وڑائچ اور دیگر صحافیوں کا بھی شکریہ ادا کیا

بقیہ 69 — کوہیار ڈوکی

ئی عوام کا معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے کوشاں ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سی لیبڑی اتحاد کے رہنما جنرل کونسلر میونسپل کمیٹی سبی ملک ساجد خان ہنگورکی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا قبل ازیں ملک ساجد خان ہنگورکی نے علاقائی مسئلہ مسائل وعوامی مشکلات کے حوالے سے تفصیلی آگہی فراہم کی اس موقع پر صوبائی وزیر صنعت و حرفت تمندار اقوام ڈوکی سردار کوہیار خان ڈوکی نے کہا کہ ہم نے حلقے میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات تیزی سے جاری ہیں دیہی علاقوں میں بلیک ٹاپ سڑکوں کی تعمیر، بجلی کی فراہمی میں بہتری صحت اور تعلیم کے شعبوں میں نمایاں ترقی سمیت کئی منصوبے مکمل کیے جا چکے ہیں جبکہ متعدد اسکیمات پر کام تیزی سے جاری ہے انہوں نے کہا کہ ہم نے عوام سے جو وعدے کیے تھے، انہیں عملی جامہ پہنایا جا رہا ہے ترقیاتی منصوبوں کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں جس کی بدولت عوام کا اعتماد مزید مضبوط ہوا ہے انہوں نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ لوگ جوق در جوق سی لیبڑی میں شامل ہو رہے ہیں جو کہ عوامی اعتماد اور ترقیاتی کارکردگی کا واضح ثبوت ہے انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ ترقی و خوشحالی کا سفر جاری رہے گا اور حلقے کے عوام کو ہر ممکن سہولت ان کی دہلیز پر پہنچانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 70 — 17 جنگجو ہلاک

کو بھاری جانی نقصان اٹھانا پڑا۔ این آر ایف کے مطابق یہ مرکز طالبان کی وزارت دفاع کی اسپیشل بریگیڈ کا اہم بیس تھا جہاں تعینات جنگجو مقامی آبادی کو مسلسل ہراساں اور تشدد کا نشانہ بناتے تھے۔ حملے میں طالبان کا پورا بیس مکمل طور پر تباہ ہو گیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ آپریشن میں این آر ایف کے کسی لڑاکا یا شہری کو کوئی نقصان نہیں پہنچا، جبکہ طالبان کے پانچ جنگجو شدید زخمی ہوئے۔

بقیہ 71 — والا ٹاور فروخت

یہ ٹاور عالمی معیاری سہولتوں اور جدید ڈیزائن سے مزین ہوگا اور شیخ زاید روڈ پر ایک ممتاز تجارتی مرکز بنے گا۔ رپورٹ کے مطابق منصوبے کی تکمیل 2029 تک متوقع ہے۔

بقیہ 72 — سیاسی و مذہبی جماعتیں

تے ہیں کہ جن لوگوں نے یہ کارروائی کی یا حکم دیا اس کے خلاف بھرپور کارروائی کی جائے یہ بات جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر و سینیٹر مولانا عبدالواسع، پشتونخوا عوامی پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، جماعت اسلامی کے صوبائی امیر و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن اور پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ نے مذمتی بیان جاری کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ جیل میں قید کسی بھی شخص سے ملاقات اس کے اہل خانہ کا آئینی و قانونی حق ہے، جسے طاقت کے ذریعے سلب کرنا بنیادی انسانی حقوق کے منافی ہے۔ پارلیمنٹیرینز اور اپوزیشن رہنماؤں پر تشدد آمریت کی علامت ہے، جبکہ موجودہ حکومتی رویہ جمہوری اقدار کا مذاق اڑانے کے مترادف ہے انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کا احترام مشرقی اور اسلامی روایات کا حصہ ہے، مگر گزشتہ رات خواتین پر ہونے والے تشدد نے آمریت کے سابقہ واقعات کی یاد تازہ کر دی ہے انہوں نے کہا کہ ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال انتشار اور ٹکراؤ کی طرف بڑھ رہی ہے، جبکہ ملکی معیشت اور حالات اس قسم کی کشیدگی کے ہرگز متحمل نہیں ہو سکتے انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ سیاسی محاذ آرائی ختم کر کے آئینی حقوق کا احترام کیا جائے اور عوام، اپوزیشن اور رہنماؤں کے ساتھ منصفانہ رویہ اپنایا جائے۔

بقیہ 73 — جرمانے ہونگے

تقریباً 38 کروڑ روپے) عائد کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ متعلقہ افراد کو قید کی سزا بھی ہو سکتی ہے۔ حکام کے مطابق ویزہ کی مدت سے تجاوز کرنا [illegible] خلاف ورزی ہے، جس پر 10 ہزار درہم (تقریباً 7 لاکھ 60 ہزار روپے) جرمانہ ہوگا۔ جعلی رہائشی دستاویزات رکھنے یا استعمال کرنے والوں کو 10 سال تک قید کی سزا کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اماراتی وزارت داخلہ کا کہنا ہے کہ لیبر مارکیٹ کے تحفظ اور قومی سلامتی کے پیش نظر امیگریشن قوانین پر زیرو ٹالرنس پالیسی نافذ کر دی گئی ہے اور بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن شروع کر دیا گیا ہے۔ حکام نے واضح کیا کہ غیر قانونی رہائش، ملازمت یا سہولت کاری پر کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی۔

ہر انسان کی عزت، آزادی اور مساوات کا تحفظ یقینی بنائینگے، چیف جسٹس

ٹیکنالوجی کے استعمال، ججوں کی تربیت اور ادارہ جاتی ہم آہنگی کو بہتر بنا کر عدالتی نظام تشکیل دیا جا رہا ہے

عدلیہ قانون کی حکمرانی مضبوط بنانے پر کام کر رہی ہے، جسٹس یحییٰ آفریدی کا انسانی حقوق کے حوالے سے پیغام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ موجودہ دور کے سماجی، معاشی اور ٹیکنالوجیکل چیلنجز کے باوجود عدلیہ پوری توجہ کے ساتھ قانون کی حکمرانی مضبوط بنانے پر کام کر رہی ہے۔ انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر سپریم کورٹ کی ویب سائٹ پر جاری اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ انصاف ہر شہری کے لیے قابل رسائی اور بروقت ہونا چاہیے، عدالتی اصلاحات کا مقصد عدالتی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنا، شفافیت میں اضافہ کرنا اور ان رکاوٹوں کو کم کرنا ہے جو خاص طور پر کمزور اور محروم طبقات کو اپنے حقوق کے حصول .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

عوام کی خدمت میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرینگے، فیصل خان جمالی

حلقہ انتخاب میں متعدد ترقیاتی اسکیمات جاری ہیں اور کئی پایہ تکمیل کو پہنچ گئے ہیں

اوستہ محمد (آن لائن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ حلقہ انتخاب میں مختلف اسکیمات جاری اور کئی تکمیل کو پہنچ گئے ہیں عوام کی خدمت میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کے ہمراہ پولیس لائن کے کام اور ایم پی اے فنڈز سے مکمل ہونے وا........ بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت عوامی فلاح کیلئے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے، بخت محمد کاکڑ

مضافاتی علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر و بحالی سے مقامی آبادی کو سہولت میسر آئے گی

کوئٹہ (اے این این) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں عوامی فلاح، صحت عامہ کی بہتری اور بنیادی انفراسٹرکچر کی مضبوطی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں ٹراما سینٹر کا قیام بلوچستان میں ایمرجنسی طبی خدمات کے شعبے میں ایک انقلابی قدم ثابت ہوگا۔ جدید طبی آلات، تربیت یافتہ عملہ اور اعلیٰ معیار کے انفراسٹر........ بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

حلقہ کے عوام کی خدمت ہمارا سرمایہ افتخار ہے، کوہیار ڈومکی

اپنے وعدوں کے مطابق علاقے میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا رہے ہیں

سبی (اے این این) صوبائی وزیر صنعت و حرفت، بی اے پی اتحاد کے مرکزی رہنما تمندار اقوام ڈومکی سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا ہے کہ حلقہ کے عوام کی بے لوث خدمت ان کے لیے باعث دلی سکون ہے انہوں نے کہا کہ عوام نے ہمیشہ ہر موقع پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا ہے، جس کا عملی طور پر بہترین انداز میں بدلہ چکانا ہمارا فرض ہے۔ بی اے پی کی ترقی، خوشحا........ بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

سیکرٹری خزانہ عمران زرکون سرکاری محکموں کی ڈیجیٹلائزیشن سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خضدار: احتجاج کرنے والوں نے کوئٹہ - کراچی قومی شاہراہ بند کردی

خضدار (یو این اے) خضدار کے علاقے زیدی میں چند روز قبل ہونے والی فائرنگ کے واقعے میں ایک شخص موقع پر ہلاک جبکہ شدید زخمی ہونے والی خاتون آج دم توڑ گئی۔ واقعے کے بعد مقتول کے ورثا نے خضدار کے کھوڑا چوک پر شدید احتجاج کرتے ہوئے کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ کو مکمل طور پر ٹریفک کے لیے بند کر دیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ فائرنگ کے اسی واقعے میں خاتون کا شوہر موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا تھا، اور خاتون کئی دن تک زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا رہنے کے بعد آج چل بسیں۔ ورثا نے الزام عائد کیا کہ واقعے کے ملزمان بااثر ہیں اور حکومت کی سرد مہری کے سبب قاتل تاحال گرفتار نہیں ہوئے

لسبیلہ: تین ملزمان گرفتار، مسروقہ سامان برآمد

اوتھل (نامہ نگار) ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر حکمت عملی اور خصوصی ہدایات پر لسبیلہ پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران تین ملزمان کو گرفتار کر کے مجموعی طور پر 2 لاکھ 61 ہزار 200 روپے مالیت کا چوری شدہ سامان برآمد کر لیا، جبکہ چلتی گاڑیوں سے سامان اتار کر چوری کرنے والے گینگ کا بھی پردہ فاش کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی ایس پی اوتھل حاصل خان قمرانی کی نگرانی میں SHO اوتھل یار محمد کماندو، سی آئی اے انچارج اوتھل لیاری محمد ہاشم اور سی آئی اے انچارج بیلہ لاکھڑا عبدالحکیم نے کھیر کولائی اوتھل میں مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے

پاکستان سمیت دنیا بھر میں انسانی حقوق کا دن منایا گیا

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان سمیت دنیا بھر میں انسانی حقوق کا دن بدھ کو منایا گیا۔ 10 دسمبر انسانی حقوق کا عالمی دن ہے، جس کا مقصد لوگوں کو بنیادی انسانی حقوق کے بارے میں آگاہی دینا، اقدام کا جائزہ لینا اور مستقبل کا لائحہ عمل تیار کرنا ہے، یہ دن 1948ء میں اقوام متحدہ میں منظور کردہ انسانی حقوق کے ایسے شاندار عالمی منشور کی یاد دلاتا ہے جسے یونیورسل ڈیکلریشن آف ہیومن رائٹس کا نام دیا گیا۔ اس قرارداد کو دنیا بھر میں تقریباً 375 زبانوں اور لہجوں میں تراجم شائع کیے جا چکے ہیں جس کی بنیاد پر اس قرارداد کو دنیا بھر میں سب سے زیادہ تراجم کی حامل دستاویز کا اعزاز حاصل ہے۔

افغان سیکورٹی اداروں کا آپریشن، طالبان کے 17 جنگجو ہلاک

پہلے بارودی سرنگ کے دھماکے سے حملہ کیا گیا، فوراً بعد راکٹوں کی بوچھاڑ، طالبان کو بھاری جانی نقصان اٹھانا پڑا

مرکز طالبان کی وزارت دفاع کی اسپیشل بریگیڈ کا اہم بیس تھا، جنگجو مقامی آبادی کو ہراساں اور تشدد کا نشانہ بناتے تھے

پنج شیر (م ڈ) افغانستان کے صوبے پنجشیر میں نیشنل ریزسٹنس فرنٹ (این آر ایف) نے طالبان کے ایک اہم مرکز پر پیچیدہ کارروائی کرتے ہوئے 17 طالبان جنگجوؤں کو ہلاک کر دیا، جن میں ایک بٹالین کے چیف آف اسٹاف بھی شامل ہے۔ اطلاعات کے مطابق آپریشن 7 دسمبر 2025 کی شب ضلع درہ کے علاقے عبداللہ خیل کی وادی میں واقع طالبان کے مضبوط گڑھ مجستہ گاؤں میں کیا گیا۔ کارروائی شام 6 بجے دو مراحل میں ہوئی— پہلے بارودی سرنگ کے دھماکے سے حملہ کیا گیا جس کے فوراً بعد راکٹوں کی بوچھاڑ کی گئی، جس سے طالبان .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی پنک بس سروس اور گرین بس توسیعی منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں

جیل میں قید کسی بھی شخص سے ملاقات اسکے اہل خانہ کا قانونی حق ہے، سیاسی و مذہبی جماعتیں

حکومت سیاسی محاذ آرائی ختم کر کے آئینی حقوق کا احترام کرے اور سب کے ساتھ منصفانہ رویہ اپنائے، مولانا عبدالواسع، عبدالقہار ودان

عوام، پارلیمنٹیرینز اور اپوزیشن رہنماؤں پر تشدد آمریت کی علامت ہے، موجودہ حکومت کا رویہ جمہوری اقدار کے منافی ہے، داؤد شاہ کاکڑ

کوئٹہ (اے این این) سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ اڈیالہ جیل کے سامنے پاکستان تحریک انصاف کے دھرنے پر انتظامیہ کی جانب سے دھاوا بولنا اور ان پر تشدد موجودہ حکومت کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے جمہوری دور میں ہر شخص کو یہ آئینی و قانونی حق حاصل ہے کہ وہ احتجاج کریں اور اپنے لیڈر کی رہائی کے لیے جدوجہد کریں لیکن نہ جانے حکومت ملک کو کس طرف لے جا رہی ہے جو روزانہ تشدد اور عوام کو احتجاج سے روکنے کی پالیسی پر گامزن ہے اس طرح ناروا رویہ کی ہم مذمت کرتے ہیں اور مطالبہ کر........ بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

شاہ رخ خان کے نام سے بننے والا ٹاور فروخت

ٹاور کا تخمینہ 159 ارب 60 کروڑ پاکستانی روپے لگایا گیا ہے

دبئی (م ڈ) دبئی میں بالی ووڈ سپر اسٹار شاہ رخ خان کے نام سے تعمیر کیے جانے والے ٹاور لانچنگ کے پہلے ہی دن مکمل فروخت ہو گیا۔ دبئی کی معروف ترین شاہراہ شیخ زاید روڈ پر تعمیر ہونے والے شاہ رخ ٹاور کی مالیت 2.1 ارب درہم ہے، جس کا تخمینہ 159 ارب 60 کروڑ پاکستانی روپے لگایا گیا ہے۔ شاہ رخ ٹاور کی لانچ تقریب دبئی ایکسپو سٹی میں ہوئی جس میں شاہ رخ سمیت 6 ہزار سے زائد مہمان شریک ہوئے۔ تقریب میں شاہ رخ خان نے کہا کہ........ بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

غیر قانونی افراد کو پناہ دینے پر کروڑوں کے جرمانے ہونگے

اماراتی امیگریشن قوانین میں تبدیلی، زیرو ٹالرنس پالیسی نافذ

دبئی (م ڈ) متحدہ عرب امارات نے رہائشی اور امیگریشن قوانین مزید سخت کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ ملک میں غیر قانونی طور پر مقیم افراد کو پناہ دینے، ملازمت فراہم کرنے یا سہولت دینے والوں کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے گی۔ حکام کے مطابق رہائشی قوانین کی خلاف ورزی اب قومی سلامتی کے خلاف جرم شمار ہوگی۔ سرکاری اعلامیے کے مطابق امارات میں غیر قانونی افراد کو رہائش دینے پر 50 لاکھ درہم تک جرمانہ (یعنی پاکستانی روپے میں........ بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کی بے لوث خدمت ہی ہمارا مشن ہے، ارشد یوسفزئی

اقتدار کے بغیر بھی عوامی مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں، بات چیت

وارڈ 2 میں الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

کوئٹہ (پ ر) الخدمت فاؤنڈیشن کوئٹہ کے زیر اہتمام ریلوے لوکو کالونی وارڈ 2 میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس کی نگرانی الخدمت پینل کے نامزد امیدوار ارشد یوسفزئی نے کی۔ جبکہ انتظامات وڈیرہ ظہور احمد رند نے سنبھالے کیمپ میں میل اور فی میل ڈاکٹرز نے سیکڑوں مریضوں کا طبی معائنہ کیا۔ مریضوں میں بچے بزرگ اور خواتین بھی........ بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر جام کمال خان سے صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ ملاقات کر رہے ہیں

نئی مانیٹری پالیسی کا اعلان 15 دسمبر کو ہوگا

کراچی (بیورو رپورٹ) اسٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس 15 دسمبر کو ہوگا۔ اجلاس میں معاشی اشاریوں کا جائزہ لیکر شرح سود کے تعین کا فیصلہ کیا جائے گا۔ رپورٹ کے مطابق اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے گزشتہ 4 مرتبہ سے شرح سود کو 11 فیصد پر برقرار رکھا گیا ہے۔ ماہرین کے مطابق سخت مانیٹری پالیسی کے حوالے سے اسٹیٹ بینک آئی ایم ایف کے زیر اثر ہے۔ آئندہ ہفتے نئی مانیٹری پالیسی میں بھی شرح سود برقرار رکھے جانے کا امکان ہے۔

نئی الیکٹرک بسیں کراچی پہنچ چکی، جلد چلائی جائیں گی، شرجیل میمن

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے خواتین کیلئے ای وی سکوٹیز کی تقسیم کا دوسرے مرحلہ فوری شروع کرنے کا حکم دے دیا۔ سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کی زیر صدارت اہم اجلاس ہوا جس میں سیکریٹری ٹرانسپورٹ اسد ضامن، ایم ڈی ایس ایم ٹی اے کنول نظام بھٹو اور دیگر حکام شریک ہوئے۔ اجلاس میں صوبے بھر میں جاری اور آئندہ شروع ہونے والے ٹرانسپورٹ اور موبلٹی منصوبوں کا تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

خیبرپختونخوا پولیس کا ڈرون ٹیکنالوجی یونٹ قائم کرنے کا فیصلہ

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبرپختونخوا پولیس نے ڈرون ٹیکنالوجی یونٹ قائم کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ پولیس حکام کے مطابق ڈرون یونٹ نوشہرہ پولیس ٹریننگ سنٹر میں قائم کیا جائے گا، یونٹ میں اینٹی ڈرون، سرویلنس، آپریشن سمیت جیمنگ ڈرونز شامل ہونگے۔ یونٹ میں تعینات ہونے والے اہلکاروں کو ڈرونز سے متعلق خصوصی تربیت دی جائے گی، کورس مکمل ہونے کے بعد مختلف اضلاع میں تعینات کیا جائے گا۔ حکام کے مطابق خیبرپختونخوا کے جنوبی اضلاع میں دہشت گردانہ کارروائیوں میں ڈرون استعمال ہو رہے ہیں

حکمرانوں کی ناکام پالیسیوں نے ملک کو آگ و خون میں دھکیل دیا، مولانا قادر لونی

ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے سنجیدگی کی ضرورت ہے، عوام جابرانہ پالیسیوں سے نالاں اور سراپا احتجاج ہیں، مولانا عبدالاحد کبدانی

حکمران ملک میں امن و ترقی، معیشت کی مضبوطی اور معاشرتی استحکام چاہتے ہیں تو مذاکرات کے عمل کو آگے بڑھائیں، مولانا عبدالرؤف

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی نائب امیر مولانا عبدالرؤف نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مفتی فدا محمد صوبائی سرپرست مولانا خدائے نظر جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی عبداللطیف مجاہد صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولوی رحمت اللہ حقانی صوبائی سیکرٹری مالیات مولانا حافظ عبدالواحد ہاشمی ڈپٹی سیکرٹری شیر جان صابر نے کہا کہ حکمرانوں کی ناکام پالیسیوں نے ملک آگ و خون میں دھکیل دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بدامنی کی جاری بحران اور معاملات........ بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

شفاف اور پرامن بلدیاتی انتخابات کا انعقاد قومی ذمہ داری ہے، ڈی سی کوئٹہ

تمام ریٹرننگ آفیسران متعلقہ پولنگ اسٹیشنز کا معائنہ کر کے سہولیات کی دستیابی یقینی بنائیں

کوئٹہ (آن لائن) ضلعی انتظامیہ اور الیکشن کمیشن کی جانب سے بلدیاتی انتخابات 2025 کی تیاریاں حتمی مراحل میں داخل ہو گئیں۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا جس میں تمام ریٹرننگ آفیسران، ضلعی الیکشن کمشنر اور پولیس حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں 28 دسمبر کو ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ........ بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

جے ڈبلیو پی کے تمام کارکنان ہمارے دل کے قریب ہیں، نوابزادہ گہرام بگٹی

پارٹی کا مستقبل نوجوانوں، محب وطن کارکنان اور نظریاتی وابستگان کے ہاتھ میں ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے سینئر رہنما نوابزادہ گہرام بگٹی نے کہا ہے کہ پارٹی کے تمام کارکنان ہمارے لیے قیمتی اثاثہ اور دل کے قریب ہیں۔ کارکنان کی قربانیاں، جدوجہد اور نظریاتی وابستگی آج بھی پارٹی کی مشعل راہ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پارٹی میں چند سازشی اور مفاد پرست عناصر پر پارٹی کی گہری نظر ہے، ایسے عناصر کسی صورت........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

صوبے بھر میں غیر قانونی فیول پمپس کیخلاف کارروائیوں کا فیصلہ

فیصلہ محکمہ دھماکہ خیز مواد، وزارت پٹرولیم، کسٹم اور محکمہ داخلہ کے مشترکہ اجلاس میں کیا گیا

غیر قانونی فیول پمپس سے سرکاری محصولات کو نقصان پہنچ رہا ہے اور سیکیورٹی مسئلہ بھی ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبے میں غیر قانونی فیول پمپس کے پھیلاؤ اور اس سے پیدا ہونے والے سیکیورٹی و معاشی خطرات کے پیش نظر محکمہ دھماکہ خیز مواد، وزارت پٹرولیم، کسٹم اور محکمہ داخلہ کا ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات نے کی۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کے آفیسران نے شرکت کی او........ بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

قومی اسمبلی، پیپلز پارٹی کی حکومت پر تنقید، پی ٹی آئی کا بانی کی تصاویر اٹھا کر احتجاج

اراکین محنت کر کے سوالات لاتے ہیں، اسمبلی میں صرف گول مول جواب دیے جاتے ہیں۔ رکن رفیع اللہ

مارچ 2026 تک بی آئی ایس پی کا سارا نظام ڈیجیٹل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، وفاقی وزیر پیر عمران شاہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی کا اجلاس پینل آف دی چیئر علی زاہد کی زیر صدارت ہوا جس میں پیپلز پارٹی کے اراکین نے شور شرابہ کیا جب کہ پی ٹی آئی اراکین نے ایوان میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی تصاویر اٹھا کر احتجاج کیا اور نعرے بازی کی۔ قومی اسمبلی اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران آغا رفیع اللہ نے کہا کہ اراکین محنت کر کے سوالات لاتے ہیں، صرف گول مول جواب دیے جاتے ہیں اور صرف ٹی اے ڈی اے بنایا جاتا ہے، یہاں کتابوں میں جو لکھا جاتا ہے اس کا 10 فیصد بھی نہیں ہے، وزیر صاحب ایف ای بی کے ٹال فری نمبر پر ا........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

قلات: دو سگے بھائیوں کے گلے کاٹے گئے، تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل

فوری طبی امداد فراہمی کے بعد مزید علاج کیلئے کوئٹہ منتقل، واقعہ کی وجہ تاحال معلوم نہ ہو سکی

قلات (آن لائن) بلوچستان کے ضلع قلات میں دو سگے بھائی کی گلے کٹنے ہوئے تشویشناک حالت میں ملے، دونوں شدید زخمیوں کو سول اسپتال قلات منتقل کر دیا گیا طبی امداد فراہم کرنے کے بعد مزید علاج کے لئے کوئٹہ منتقل کر دیا گیا دونوں کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے تاہم فوری طور پر واقعہ کی وجہ معلوم نہ ہو سکی، تفصیلات کے مطابق قلات کے کلی مغلزئی میں ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں دو سگے بھائی علی اکبر مینگل اور عبدالمنان مینگل ولد فیض محمد .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

خواتین کیلئے پنک بسوں کا اجراء خوش آئند ہے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

یہ منصوبہ بلوچستان میں خواتین کیلئے سہولیات کے فروغ کی جانب ایک اہم قدم ہے

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں عوامی ٹرانسپورٹ کے نظام کو بہتر بنانے اور خواتین کو محفوظ، آرام دہ اور معیاری سفری سہولیات فراہم کرنے کے مقصد سے پیپلز بس سروس کے تحت پنک بسوں کے آغاز پر گہری مسرت اور اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ ابتدائی طور پر 5 پنک بسوں کی شمولیت سے نہ صرف روزمرہ سفر کرنے والی خوا........ بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال تیسرے روز بھی جاری رہی

جب تک مطالبات تسلیم نہیں ہوتے ہڑتال جاری رہے گی، ترجمان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان گڈز ٹرک اور ٹرالر ایسوسی ایشن کے ترجمان کے مطابق تیسرے روز بھی مکمل ہڑتال جاری ہے پارکنگوں میں جگہ کم پڑ گئی ہے ٹرانسپورٹرز نے گاڑیوں کو مختلف پارکنگوں اور گھروں میں رضاکارانہ طور پر کھڑی کر دی ہے آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال کے باعث بلوچستان میں اشیائے خرد و نوش سبزی فروٹ ادویات کی کمی کے باعث پورے ملک میں مہنگائی کا طوفان آئے گا اور اشیا خرد و نوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

این اے 251: پشتونخواہ میپ کا جمعیت کی حمایت کا اعلان

عدالتی حکم پر این اے 251 کے 22 پولنگ سٹیشنز پر دوبارہ پولنگ ہوگی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں پشتونخوامیپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال سے جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی۔ وفد نے قومی اسمبلی این اے 251 کے 22 پولنگ سٹیشنز پر دوبارہ انتخابات میں پارٹی سے تعاون کی استدعا کی۔ اس موقع پر صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نوابزادہ اسفند یار جوگیزئی، صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر کا........ بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ بلدیاتی انتخابات میں کامیابی جمعیت کا مقدر ہوگی، مولانا عبدالواسع

میئر، ڈپٹی میئر اور ٹاؤن چیئرمین کے مناصب جے یو آئی کے نمائندے ہی سنبھالیں گے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام بلدیاتی انتخابات میں شاندار کامیابی حاصل کرے گی۔ تمام تر حکومتی مشینری کے بے دریغ استعمال کے باوجود میئر، ڈپٹی میئر اور ٹاؤن چیئرمین کے منصب جے یو آئی کے نمائندے ہی سنبھالیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم واضح طور پر دیکھ رہے ہیں کہ حلقہ پی بی 7- اور پی بی 45- میں عام انتخابات کی طرح سیاسی انجینئرنگ کا کھیل دوبارہ دہرانے........ بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم کا دورہ ترکمانستان غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

دونوں ممالک کے درمیان تجارت اور معاشی تعاون کے فروغ پر توجہ مرکوز رکھی جائے گی

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف 11 اور 12 دسمبر 2025 کو ترکمانستان کا دو روزہ دورہ غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے دورے کے دوران وہ ایک "بین الاقوامی فورم امن و اعتماد" میں شرکت کریں گے دورے کی نوعیت اعلیٰ سطحی رابطوں کی بحالی، توانائی، تجارت، اقتصادی شراکت داری اور علاقائی رابطہ کاری پر بات چیت ہے دونوں ممالک کے درمیان تجارت اور معاشی........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

انسداد دہشت گردی قوانین کی تقویت ضروری ہے، حمزہ شفقات

قیام امن کیلئے مضبوط قانونی فریم ورک ناگزیر ہو چکا، اے سی ایس داخلہ

کوئٹہ (آن لائن) انسداد دہشت گردی ترمیمی ایکٹ 2025 کے مجوزہ ڈرافٹ رولز کے حوالے سے محکمہ داخلہ کے زیر اہتمام ایک اہم اجلاس ہوا جس کی صدارت ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات نے کی۔ اجلاس میں محکمہ داخلہ، پولیس، سی ٹی ڈی، پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ، قانون و پارلیمانی امور، سیکورٹی اداروں اور متعلقہ محکموں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں مجوزہ رولز پر شق وار اور موجودہ انسداد دہشت گردی کے قانونی ڈ........ بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر کے عوام کے مسائل کا حل اولین ترجیحات میں شامل ہے، مولانا ہدایت الرحمن

امیر جے آئی بلوچستان نے کوہ باتیل سے آنیوالے پانی کے ریلے سے آبادی کو بچانے، ڈرینج سسٹم کا جائزہ لینے کیلئے علاقے کا دورہ کیا

ایم پی اے نے گوادر فش ہاربر میں مول ہولڈرز کے مسائل سننے اور ممکنہ حل کیلئے حکام کے ہمراہ اجلاس منعقد کیا، کمیٹی تشکیل دی، اہم فیصلے کئے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کا چیئرمین پورٹ کے ہمراہ ملا بند وارڈ کا دورہ، بارش کے پانی کے اخراج کے لئے مختلف اقدامات کا جائزہ۔ امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے چیئرمین پورٹ اتھارٹی گوادر نور الحق بلوچ کے ہمراہ ملا بند وارڈ گوادر کا دورہ کیا۔ دورے کا مقصد بارشوں کے دوران کوہ باتیل سے آنے والے پانی کے ریلے سے آبادی کو بچانے، ڈرینج سسٹم کے بہترین نظام اور دیگر مسائل کا حل تھا۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ او........ بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

ٹیرف تعین کے خلاف درخواست، نیپرا کو دستاویز جمع کرانے کی مہلت مل گئی

آئینی عدالت نے نیپرا کے ٹیرف تعین کے خلاف بجلی کمپنیوں سے جواب بھی طلب کرلیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی آئینی عدالت نے نیپرا کے ٹیرف تعین کے خلاف بجلی کمپنیوں سے جواب طلب کرلیا ہے جبکہ نیپرا کو متعلقہ دستاویزات جمع کرانے کے لیے مہلت دے دی گئی۔ گزشتہ روز وفاقی آئینی عدالت میں نیپرا کے ٹیرف تعین کے خلاف بجلی پیدا کرنے والی کمپنیوں کی اپیلوں پر سماعت دو رکنی بینچ نے جسٹس حسن اظہر رضوی کی سربراہی میں کی۔ سماعت کے دوران بجلی پیدا کرنے والی کمپنیوں کے وکیل سلمان اسلم بٹ نے موقف........ بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

ایمان مزاری کی درخواست سماعت کیلئے مقرر

جسٹس ہاشم کاکڑ کی سربراہی میں تین رکنی بینچ سماعت کرے گا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے ایمان زینب مزاری کی درخواست کل سماعت کیلئے مقرر کردی۔ جسٹس ہاشم کاکڑ کی سربراہی میں تین رکنی بینچ سماعت کرے گا، جسٹس صلاح الدین پنہور اور جسٹس اشتیاق ابراہیم بھی بینچ میں شامل ہیں۔ ایمان زینب مزاری نے ٹرائل کورٹ کارروائی کے خلاف سپریم کورٹ میں درخواست دائر کی تھی۔ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ نے اپنے خلاف متنازع ٹویٹس کیس میں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج پر عدم اعتماد کا اظہار کیا تھا۔

برطانیہ نے ملک بدر نہیں کیا، ویزا منسوخ ہوا ہے، رجب بٹ

کراچی میں دس دن کے اندر اندر عدالت میں پیش ہوں گے، گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) معروف یوٹیوبر و ٹک ٹاکر رجب بٹ نے اپنی برطانیہ سے ملک بدری کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں برطانیہ سے ڈی پورٹ نہیں کیا گیا ورنہ بزنس کلاس میں واپس نہیں آتا۔ برطانیہ کی جانب سے ویزا منسوخ کیے جانے کے بعد رجب بٹ اور ان کے ساتھی ٹک ٹاکر ندیم نانی والا گزشتہ شب پاکستان واپس پہنچے تھے اور بدھ کی صبح اسلام آباد ہائیکورٹ میں پیش ہوئے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ سے 10 دن کی راہداری ضمانت ملنے کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے رجب بٹ نے کہا کہ ہوم آفس میں درخواست گئی کہ میرے اوپر مقدمات ہیں جس کی وجہ سے میرا ویزا منسوخ ہوا، ڈی پورٹ نہیں کیا گیا۔ انہو........ بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

معاشی استحکام پاکستان کو ترقی کی جانب گامزن کر رہا ہے، او آئی سی سی آئی

پاکستان میں کاروباری اعتماد 7 سال کی بلند ترین سطح پر آ گیا، بزنس کانفیڈنس انڈیکس 11 پوائنٹس سے بڑھ کر 22 فیصد تک ہو گیا

سروسز سیکٹر 24 فیصد اضافہ کے ساتھ سرفہرست، ریٹیل اور مینوفیکچرنگ کے شعبہ جات میں بھی بہتری ریکارڈ ہوئی، سروے رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سروے 2025 کے مطابق پاکستان میں کاروباری اعتماد 7 سال کی بلند ترین سطح پر آ گیا۔ او آئی سی سی آئی پاکستان میں 200 سے زائد بین الاقوامی کمپنیوں کی نمائندگی کرتا ہے جو ملکی معیشت کے 13 سے زائد اہم شعبوں میں سرگرم ہیں۔ ایس آئی ایف سی کی کاوشوں سے حاصل معاشی استحکام اور بڑھتا ہوا کاروباری اعتماد پاکستان کو ترقی کے نئے مراحل میں داخل کر رہا ہے۔ اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سروے 2025 کے مطابق پاکستان میں کارو........ بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایڈووکیٹ جنرل عدنان بشارت ملاقات کر رہے ہیں

ڈیرہ بگٹی: نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی میں نامعلوم افراد نے گھر میں گھس کر فائرنگ کر کے ایک شخص کو ہلاک کر دیا۔ لیویز کے مطابق بدھ کو ڈیرہ بگٹی کے علاقے جوری میں نامعلوم افراد نے گھر میں گھس کر فائرنگ کر کے ایک شخص امام بخش کو ہلاک کر دیا اور موقع سے فرار ہو گئے۔ لیویز نے نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی اور مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔

پارٹی کارکنان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، میر اسداللہ بلوچ

بلوچستان کے مظلوم عوام کے حقوق کے حصول کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھائیں گے

خاران (اے این این) بی این پی عوامی کے مرکزی صدر راجی راجشون سابق صوبائی وزیر میر اسداللہ بلوچ نے کہا کہ پارٹی کے ہر ورکر میرے دل کے قریب ہیں اور پارٹی کے ورکرز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے بی این پی عوامی خاران کے ڈپٹی آرگنائزر میر حبیب خان ملازئی، آرگنائزنگ کمیٹی ممبر و جنرل کونسلر حاجی محمد........ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

دفعہ 144 میں بلدیاتی انتخابات کا انعقاد عوام کیساتھ مذاق ہے، قاری مہراللہ

جمعیت نظریاتی کے کارکنان ہر یونین کونسل میں بلدیاتی انتخابات کے بائیکاٹ کی مہم چلائیں

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی کنوینر مولانا قاری مہراللہ نے کہا کہ الیکشن کے ملتوی کرنے پر حکومت نے جمعیت نظریاتی کی موقف کی تائید تھا دفعہ 144 میں بلدیاتی انتخابات کا انعقاد عوام کے ساتھ مذاق ہے۔ تمام ورکرز ہر یونین کونسل میں بلدیاتی انتخابات سے بائیکاٹ مہم چلائے۔ عوام اس بدامنی کے حالات........ بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

کور کمانڈر بلوچستان کی حاجی صالح محمد بلوچ سے بیٹے کی شہادت پر اظہار تعزیت

پنجگور (یو این اے) کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما حاجی صالح محمد بلوچ کی رہائشگاہ کا دورہ کیا اور ان کے نوجوان بیٹے شہید ولید صالح بلوچ کی شہادت پر دلی رنج و غم کا اظہار کیا۔ کور کمانڈر نے مرحوم کے والد سے تعزیت کی اور اہل خانہ کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران آئی جی ایف سی بلال اور کمانڈنٹ پنجگور رائفلز ظفر بھی کور کمانڈر کے ہمراہ موجود تھے۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی پنجگور کے رہنما بھی موجود تھے، جن میں ضلعی صدر حاجی محمد ایوب بلوچ، ضلعی جنرل سیکرٹری واجہ صدیق بلوچ، ضلعی انفارمیشن سیکرٹری زاہد حسین بلوچ، تحصیل نائب صدر عبداللطیف بلوچ، سینئر رہنما الطاف حسین بلوچ، میر عبدالباسط بلوچ، واجہ عبدالقادر بلوچ، شمیر یاسین بلوچ، بالاچ قادر بلوچ اور عارف دوست بلوچ شامل تھے۔ پارٹی رہنماؤں نے کور کمانڈر کے تعزیتی اظہار پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

بیڈ گورننس کی وجہ سے صوبہ تباہ حالی کا شکار ہے، عبدالخالق ہزارہ

2024 کے انتخابات شفاف ہوتے تو آج صوبے کی حالت اتنی خراب نہ ہوتی

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین عبدالخالق ہزارہ نے کہا ہے کہ اگر 2024 کے عام انتخابات میں عوام کے حقیقی نمائندوں کی رائے پر شب خون مار کر مافیا اور پیراشوٹر جیسے جعلی افراد کو صوبے کی نمائندگی نہ دی جاتی تو آج صوبے کی حالت اتنی خراب نہ ہوتی جو لوگ اسمبلیوں میں جا کر بیٹھے ہیں ان میں اتنی اہلیت........ بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی انجینئر عبدالمجید بادینی سے مختلف شخصیات ملاقات کر رہی ہیں

بھارت نے کشمیر پر ظلم کی انتہا کردی، دنیا کو حقائق سے آگاہ کرنا ضروری ہے، پاکستان

مقبوضہ کشمیر کے عوام آج بھی بنیادی حقوق سے محروم، بھارت کی ظلم و تشدد کی پالیسیاں جاری ہیں، ترجمان دفتر خارجہ

پاکستان کشمیری عوام میں کوئی فرق نہیں رکھتا، مسئلہ کشمیر کے اقوام متحدہ کی قراردادوں کے حل کے خواہاں ہیں، سیمینار سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے عوام آج بھی بنیادی حقوق سے محروم ہیں، بھارت کی وادی میں ظلم و تشدد کی پالیسیاں جاری ہیں۔ پاکستان آزاد کشمیر اور مقبوضہ کشمیر کے عوام میں کوئی تفریق نہیں رکھتا بلکہ دونوں خطوں کے لوگوں کو یکساں توجہ اور حمایت کے مستحق ہونے کا حامی ہے۔ انسانی حقوق سے متعلق ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ترجمان طاہر اندرابی نے کہا کشمیریوں کو ان کا حق خود ارادیت ملنا چاہیے، جس کی بین الاقوامی سطح پر حمایت اقوام متحدہ کی قراردادیں دیتی ہیں۔ انہوں نے........ بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی سی کوئٹہ مہراللہ بادینی بلدیاتی انتخابات کے انتظامات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان میں انسانی حقوق کی مسلسل پامالی ہو رہی ہے، لشکری رئیسانی

جن اداروں کی ذمہ داری لوگوں کو انصاف فراہم کرنا ہے وہاں بھی افراد نے اپنے ذاتی مفادات کو ترجیح دی ہے، مذاکرے سے خطاب

انسانی حقوق کے عالمی ادارے بھی اپنے اپنے ملکی مفادات کی پالیسی کے تحت یہاں ہونے والے غیر انسانی و غیر قانونی جبر پر خاموش ہیں

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاست دان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ قومی وطن بلوچستان میں انسانی حقوق کی مسلسل پامالی ہو رہی ہے، لوگوں کے اجتماعی و انفرادی ووٹ کے حق کو جعلی جمہوریت کے تحت سلب کیا گیا، افراتفری، جبر و ناانصافیوں سے نکلنے کیلئے اس سرزمین کے لوگ ایک قومی ایجنڈے کے نکات کا تعین کریں۔ یہ بات انہوں نے انسانی حقوق کے عالمی دن کی مناسبت سے منعقدہ مذاکرے سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے مزید کہا کہ اقوام متحدہ کے جینوا کنونشن کے........ بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

صارفین مہنگی بجلی کی قیمت تاحال ادا کر رہے ہیں، گوہر اعجاز

لاہور (بیورو رپورٹ) سابق نگران وفاقی وزیر تجارت و صنعت ڈاکٹر گوہر اعجاز نے مہنگے پاور پلانٹس کا معاملہ اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت نے مہنگے ونڈ اور کول پاور پلانٹس کے ساتھ دوبارہ مذاکرات شروع نہیں کیے، پوری قوم مہنگے متبادل بجلی معاہدوں کی قیمت چکا رہی ہے

موبائل فونز کو غلط طور پر لگژری آئٹمز میں شامل کیا گیا، قائمہ کمیٹی

متعلقہ ادارے درآمد پر موجودہ ٹیکس شرح کا از سر نو جائزہ لیں، نوید قمر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محصولات نے منگل کو فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کو ہدایت کی ہے کہ موبائل فونز پر عائد ٹیکسوں سے متعلق ایک جامع رپورٹ تیار کریں، جس میں پالیسی آپشنز، معاشی اثرات، بین الاقوامی موازنہ اور ممکنہ ترامیم شامل ہوں۔ رپورٹ کے مطابق یہ ہدایت قائمہ کمیٹی کے چیئرمین ایم این اے نوید قمر نے جاری کی، جنہوں نے موبائل فونز پر بڑھتے ہوئے........ بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

یو اے ای میں جمعے کی اذان و نماز کا نیا نظام متعارف

ملک بھر کی تمام مساجد میں جمعہ کی نماز اور خطبے کا وقت یکساں کر دیا

جدہ (م ڈ) متحدہ عرب امارات کی حکومت نے ملک بھر کی تمام مساجد میں جمعہ کی نماز اور خطبے کا وقت یکساں کر دیا ہے۔ اماراتی جنرل اتھارٹی آف اسلامی امور کے مطابق نیا نظام 2 جنوری 2026 سے نافذ العمل ہوگا، غیر ملکی میڈیا کے مطابق 2 جنوری 2026 سے جمعہ کا خطبہ اور نماز دوپہر 12 بج کر 45 منٹ پر تمام مساجد میں ایک ساتھ ادا کی جائے گی........ بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ بلدیاتی انتخابات میں تاحال کسی سے اتحاد نہیں کیا، پی ٹی آئی

این اے 251 کے 22 پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ الیکشن پر کسی پارٹی کی حمایت نہیں کی

عمران خان اور ان کی بہنوں پر جاری ظلم ناقابل برداشت ہے، صوبائی صدر داد شاہ کاکڑ

کوئٹہ (پ ر) عمران خان کی نہتی بہنوں پر ظلم کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی پاکستان تحریک انصاف کا کوئٹہ بلدیاتی الیکشن کے حوالے سے کسی بھی دوسری سیاسی پارٹی کیساتھ کوئی اتحاد نہیں ہوا ہے۔ بلوچستان کے این اے 251 کے 22 پولنگ اسٹیشن کے دوبارہ الیکشن پر ابھی تک کسی دوسری پارٹی کی حمایت کا اعلان نہیں کیا ہے۔ صحافی دوران بلوچ........ بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

بنوں، تھانہ ڈومیل کی حدود سے 2 نوجوانوں کی لاشیں برآمد

بنوں (بیورو رپورٹ) خیبرپختونخوا صوبہ کے ضلع بنوں میں تھانہ ڈومیل کی حدود میں فائرنگ کر کے دو نوجوانوں کو قتل کر دیا گیا، دونوں کا تعلق تحصیل عمرزئی کے علاقے سے تھا۔ تفصیل کے مطابق بنوں کے تھانہ ڈومیل کی حدود سے دو نوجوانوں کی لاشیں برآمد ہوئیں، پولیس نے بتایا کہ مقتولین کی شناخت کرامت اللہ اور محمود کے ناموں سے ہوئی ہے، دونوں کا تعلق تحصیل عمرزئی کے علاقے سے تھا۔ ابتدائی معلومات میں بتایا گیا کہ نالہ کاشو کے قریب فائرنگ کر کے دونوں نوجوانوں کو قتل کیا گیا۔ پولیس نے موقع سے شواہد اکٹھے کر کے لاشیں اسپتال منتقل کردی ہیں

اسلام آباد: ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان کو سوینئر دیا جا رہا ہے

پشین میں کامیاب کانفرنس کا انعقاد تنظیمی مضبوطی اور فعالیت کا ثبوت ہے، پشتونخوا میپ

پارٹی عہدیداروں نے ابتدائی یونٹ سے پارٹی کے آخری ادارے تک تمام کی فعالیت تسلسل کے ساتھ جاری رکھنی ہوگی، محمد عیسیٰ روشان

پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں نے ہر قسم کے حالات میں پارٹی تنظیم اور اصولوں کی لازماً پابندی کرنی ہوگی، نصر اللہ زیرے، فقیر خوشحال

پشین (پ ر) پشتونخوامیپ کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ 2 دسمبر کو خان شہید کی شہادت کی 52 ویں برسی اور ملی مبارز میر احمد خان مندوخیل کی 34 ویں برسی کی مناسبت سے ضلع پشین کی ضلعی کانفرنس کا کامیاب انعقاد پر ضلع پشین کے پارٹی عہدیدار اور تمام کارکن مبارکباد کے مستحق ہیں۔ پارٹی کے رہنماؤں اور کارکنوں نے انتہائی قلیل عرصے میں کانفرنس کے انعقاد کو کامیابی سے ہمکنار کرکے اپنی تنظیمی مضبوطی اور فعالیت کا ثبوت فراہم کیا۔ پارٹی اداروں نے بروقت اجلاسوں کے انعقاد اور ان کے فیصلوں پر بروقت عمل درآمد انتہائی ضروری ہے۔ پار........ بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر